عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر سکولوں، کالجوں اور دینی مدارس میں منعقدہ انعام گھر اور دیگر کوئز مقابلوں میں پوچھے جانے والے 300 سے زائد اہم سوالات اور جوابات کا مجموعہ



# معلوماتِ ختمِ نبوّت



(سوالاً...... جواباً)

محمد متین خالد


علم و عرفان پبلشرز

الحمد مارکیٹ، 40-اُردو بازار، لاہور۔
فون: 7352332' 7232336 فیکس: 7223584
www.ilmoirfanpublishers.com. E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com


Marfat.com

Marfat.com

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر سکولوں،
کالجوں اور دینی مدارس میں منعقدہ انعام گھر اور دیگر کوئز مقابلوں میں
پوچھے جانے والے 300 سے زائد اہم سوالات اور جوابات کا مجموعہ



# معلوماتِ ختمِ نبوّت



(سوالاً...... جواباً)

محمد متین خالد

علم و عرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ، 40- اُردو بازار، لاہور۔
فون :7352332' 7232336 فیکس: 7223584
www.ilmoirfanpublishers.com. E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com

Marfat.com

102274

جملہ حقوق محفوظ ہیں

* نام کتاب ............ معلوماتِ ختمِ نبوت (سوالاً ...... جواباً)
* مصنف ............ محمد متین خالد
* ناشر ............ علم و عرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ، 40- اُردو بازار، لاہور۔
* قانونی مشیر ............ محمد نوید شاہین ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
* کمپوزنگ ............ رفاقت علی/تاج کمپوزنگ سنٹر، لاہور
* سن اشاعت ............ 2009ء
* تعداد ............ 1100
* قیمت ............ 80/- روپے

تقسیم کار

علم و عرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ، 40- اُردو بازار، لاہور۔
فون: 7352332، 7232336 فیکس: 7223584-
www.ilmoirfanpublishers.com. E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com

Marfat.com

حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص

علم کی تلاش میں نکلے

وہ اس وقت تک

خدا کی راہ میں ہے

جب تک کہ

واپس نہ آ جائے۔"

(ترمذی)

Marfat.com

1022-74

Marfat.com

مولانا ... لاہور پاکستان

# انتساب!

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے محاذ پر
تاریخ ساز خدمات سرانجام دینے والے نڈر و بے باک مجاہد ختم نبوت

## حضرت مولانا قاری محمد رفیق مدظلہ

مرکزی ناظم نشر و اشاعت و رابطہ سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان

## کے نام

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

Marfat.com

Marfat.com

# کتابوں کی کتاب

عقیدہ ختم نبوت کو اسلام میں وہی حیثیت حاصل ہے جو ریڑھ کی ہڈی کو انسانی جسم میں۔ ہر مسلمان کا بنیادی عقیدہ ہے کہ حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کی نبوت و رسالت قیامت تک کے لیے ہے۔ اب جس نے بھی دنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی حاصل کرنی ہو، اُسے نبی رحمت ﷺ کی غلامی اختیار کرنا ہوگی۔ عقیدہ ختم نبوت اس قدر حساس اور اہم ہے کہ فقہاء نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص تمام ضروریات دین (نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور دیگر اہم عبادات و معاملات وغیرہ) میں اول درجے کا مسلمان ہو لیکن بدقسمتی سے اُسے یہ معلوم نہ ہو کہ حضور نبی کریم ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں، تو وہ بدستور کافر ہے۔ غرضیکہ ایمان کے لیے کلمہ طیبہ کی طرح ختم نبوت کا اقرار اور یقین بھی ضروری ہے۔ جس طرح توحید کے اقرار کے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا، اسی طرح ختم نبوت کا اقرار کیے بغیر بھی کوئی شخص مسلمان نہیں رہ سکتا۔ حضرت امام اعظم نعمان بن ثابت (ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ) کے زمانے میں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا اور ایک دوسرے شخص نے کہا کہ میں جا کر اس سے کوئی نشانی اور معجزہ طلب کرتا ہوں تا کہ اس کا صدق و کذب عیاں ہو۔ اس پر حضرت امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا: مَنْ طَلَبَ مِنْهُ عَلَامَةً فَقَدْ كَفَرَ لِقَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ. یعنی ''جو شخص اس سے علامت طلب کرے گا، وہ بھی کافر ہو جائے گا کیونکہ حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ الغرض ختم نبوت کا مسئلہ اس طرح واضح اور بے غبار ہے کہ اس میں کسی قدر تامل کرنا بھی کفر ہے۔

قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں امت کا اجماعی و اتفاقی عقیدہ ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا تو درکنار، نبوت کی تمنا یا خواہش کرنا بھی کفر ہے۔ خواہ یہ تمنا زبان سے ہو یا صرف دل میں۔ جب ایک شخص نبی ہونے کی تمنا کرنے پر کافر ہو جاتا ہے تو اندازہ لگائیں کہ نبوت کا دعویٰ کرنا کس درجہ کا کفر خبیث ہوگا۔ آپ ﷺ

Marfat.com

کے بعد کسی بھی قسم کا دعویٰ نبوت کرنے والا بالاتفاق مرتد، زندیق اور واجب القتل ہے۔ اس بارے میں شک کرنے والا بھی اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اور منکرین ختم نبوت قادیانیوں کی شرانگیزیوں کے پیش نظر ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ اس عقیدہ سے آگہی اور شعور فراہم کیا جائے۔ اس اہم موضوع پر بے شمار کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ لیکن ''معلوماتِ ختم نبوت'' اس لحاظ سے اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے کہ یہ تحفظ ختم نبوت کے موضوع پر لکھی جانے والی خاص اور اہم کتابوں کا نچوڑ ہے۔ اس کتاب میں موجود قیمتی معلومات جس قدر دلچسپ ہیں، اس سے کہیں زیادہ حیرت انگیز اور انکشافاتی ہیں۔ ان میں جتنا تنوع ہے، اسی قدر ان میں کشش بھی ہے۔ سیرت النبی ﷺ اور ختم نبوت سے متعلقہ معلومات پڑھنے سے قلب و ذہن کو ایک نئی ایمانی و ایقانی جلاء نصیب ہوتی ہے جبکہ قادیانیت سے متعلقہ معلومات عبرت و نصیحت کا سامان پیدا کرتی ہیں۔ ''معلومات ختم نبوت'' عام فہم مختصر سوالات اور بھرپور علمی جوابات پر مشتمل ہے۔ سوال و جواب کے ذریعے ختم نبوت سے متعلقہ نہایت اہم موضوعات کے بارے میں مستند اور جامع معلومات کا بہترین انتخاب ایک جگہ پر اکٹھا کر دیا گیا ہے جو ہر قاری کے ذہن پر دوررس اثرات رقم کرے گا۔ اس کتاب سے جہاں نئی نسل کے اندر ختم نبوت سے محبت و عقیدت اور اس کی اہمیت کا شعور آئے گا، وہاں سب کو معلومات کا ایک گرانقدر ذخیرہ بھی ملے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ کتاب تمام مسلمانوں بالخصوص سکولوں، کالجوں اور دینی مدارس کے طلبہ کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگی اور اس کے مطالعہ سے وہ اپنی معلومات میں بیش بہا اضافہ کرسکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پیارے آقا و مولا حضور خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے اس کتاب کو اپنی بارگاہ اقدس میں قبول فرمائے اور آخرت میں میری اور اس کتاب کے معاونین کی بخشش و مغفرت کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

خاکپائے مجاہدین ختم نبوت

محمد متین خالد

Email. mateenkh@gmail.com

Marfat.com

# شکریہ!!!

- جناب وقار احمد
- جناب عامر خورشید
- جناب السید عقیل انجم (کراچی)
- مولانا قاضی احسان احمد (کراچی)
- جناب حبیب احمد عابد (ننکانہ صاحب)
- جناب محمد سعید (بینک دولت پاکستان، لاہور)
- جناب صادق علی زاہد
- جناب مولانا عزیز الرحمٰن ثانی
- جناب محمد حامد بلوچ
- جناب محمد یوسف (اسلام آباد)
- جناب محمد مدنی
- جناب بھائی محمد انیس شاہ
- جناب سمیر ملک
- جناب عبدالصبور
- جناب سیّد محمد علیم شاہ

کا

جن کے قیمتی مشوروں سے یہ خوبصورت اور معلوماتی کتاب تیار ہوئی۔

محمد متین خالد

Marfat.com

قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں "خاتم النبیین" ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

**توجہ فرمائیں**

اس کتاب میں موجود کسی بھی حوالہ کی تصدیق کے لیے آپ براہ راست خط لکھ کر اس کا اصل عکس منگوا سکتے ہیں۔

Marfat.com

# معلوماتِ

# ختمِ نبوّت

(سوالاً...... جواباً)

Marfat.com

پھول بغیر کانٹے کے نہیں ہوتا۔ آپ کتنا ہی نیک کام کیوں نہ کریں،
نکتہ چیں اپنی نیش زنی سے باز نہیں آتے۔

حاسد حسد کی آگ میں ہر دم جلا کرے
وہ شمع کیا بجھے، جسے روشن خدا کرے

Marfat.com

س: بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ
کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

یہ نعتیہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

ج: شیخ سعدیؒ

س: عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد کسی قسم کا کوئی تشریعی، غیر تشریعی، ظلی، بروزی یا نیا نبی نہیں آئے گا۔ آپ ﷺ کے بعد جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرے، وہ کافر، مرتد، زندیق اور واجب القتل ہے۔ قرآن مجید کی ایک سو سے زائد آیات مبارکہ اور حضور نبی کریم ﷺ کی تقریباً دو سو دس احادیث مبارکہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حضور خاتم النبیین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ اس بات پر ایمان "عقیدۂ ختم نبوت" کہلاتا ہے۔

س: قرآن کریم کی کم از کم ایسی دو آیات بتائیں جو عقیدۂ ختم نبوت پر دلالت کرتی ہوں؟

ج: (1) مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ

Marfat.com

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا. (سورۂ احزاب:40)

(ترجمہ) نہیں ہیں محمد (ﷺ) کسی کے باپ تمھارے مردوں میں سے بلکہ وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین (آخری نبی) ہیں۔

(2) قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاس اِنِّی رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا. (الاعراف:158)

(ترجمہ) آپ فرمایئے اے لوگو! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف۔

(3) وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ. (البقرہ:4)

(ترجمہ) اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا آپ پر اور اس پر (ایمان لائے) کہ جو کچھ نازل ہوا آپ سے پہلے اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں۔"

**س:** ختم نبوت سے متعلقہ قرآن پاک کی وہ آیت بتایئے جس میں دین اسلام کے مکمل ہونے کی خوشخبری سنائی گئی ہے؟

**ج:** اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا. (سورۂ مائدہ:3)

(ترجمہ) آج میں نے مکمل کر دیا ہے تمھارے لیے تمہارا دین اور پوری کر دی ہے تم پر اپنی نعمت اور میں نے پسند کرلیا ہے تمھارے لیے اسلام کو بطور دین۔

**س:** ختم نبوت کے سلسلہ میں کوئی سی دو احادیث بتایئے؟

**ج:** (1) اَنَا خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ وَمَسْجِدِیْ خَاتَمُ الْمَسَاجِدِ الْاَنْبِیَاءِ (کنز الاعمال)

(ترجمہ) میں خاتم الانبیاء ہوں اور میری مسجد نبیوں کی مساجد کی آخری مسجد ہے۔

(2) اَنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ (ترمذی)

(ترجمہ) بے شک رسالت اور نبوت کا سلسلہ منقطع ہو گیا، پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی۔

(3) اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (ابوداؤد)

Marfat.com

(ترجمہ) ''میں خاتم النبیین (یعنی اللہ کا آخری نبی) ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''

(4) لَوْ كَانَ بَعْدِىْ نَبِىٌّ لَكَانَ عُمَرَ بْنُ الْخَطَّابِ. (ترمذی)

(ترجمہ) اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطابؓ ہوتا۔

(5) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِىَّ بَعْدِىْ. (صحیح بخاری و مسلم)

(ترجمہ) اللہ کے رسول ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے فرمایا ''تم میرے لیے ایسے ہو جیسے ہارونؑ، موسیٰؑ کے لیے تھے البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

**س:** ختم نبوت کے بارے میں وہ حدیث رسول ﷺ بتایئے جس میں نبی اکرم ﷺ نے آنے والے جھوٹے نبیوں کے بارے میں بتایا ہے؟

**ج:** اَنَّهٗ سَيَكُوْنُ فِىْ اُمَّتِىْ كَذَّابُوْنَ ثَلَاثُوْنَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ اَنَّهٗ نَبِىٌّ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِىَّ بَعْدِىْ. (ابوداؤد)

(ترجمہ) (حضرت ثوبانؓ روایت کرتے ہیں کہ) آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ قریب ہے کہ میری امت میں تیس جھوٹے پیدا ہوں گے، جن میں سے ہر ایک یہی کہے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''

**س:** کسی مدعی نبوت سے (اس کی سچائی کے سلسلہ میں) جو شخص دلیل بھی طلب کرے، وہ شخص دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، یہ فرمان کس مشہور شخصیت کا ہے؟

**ج:** حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کا۔

**س:** کیا کوئی شخص حضور نبی کریم ﷺ کی اطاعت یا پیروی کر کے نبی بن سکتا ہے؟

**ج:** حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد کوئی شخص نبی نہیں ہو سکتا خواہ وہ اللہ تعالیٰ کی کتنی ہی اطاعت یا پیروی کیوں نہ کر لے۔ اگر اطاعت یا پیروی کرنے سے نبوت مل سکتی تو اس کے سب سے زیادہ مستحق صحابہ کرامؓ تھے، عشرۃ مبشرہؓ تھے، خلفائے راشدینؓ تھے۔ مگر ان میں سے کسی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا۔ حالانکہ وہ عبادت اور اطاعت کی انتہا پر تھے۔

**س:** پہلے شہید ختم نبوت کا نام بتایئے؟

**ج:** حضرت حبیبؓ بن زید انصاری۔

Marfat.com

س: جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کو کس صحابیؓ رسول نے قتل کیا؟

ج: حضرت وحشیؓ بن حرب نے۔

س: جنگ یمامہ میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

ج: تقریباً بارہ سو۔(1200) صحابہ کرامؓ۔

س: جنگ یمامہ میں حضرت عمر فاروقؓ کے شہید ہونے والے بھائی کا نام بتائیے؟

ج: حضرت زیدؓ بن خطاب۔

س: امت مسلمہ میں سب سے پہلا جھوٹا مدعی نبوت کون ہے؟

ج: اسود عنسی۔

س: جھوٹے مدعی نبوت اسود عنسی کو کس صحابی رسول ﷺ نے قتل کیا؟

ج: حضرت فیروز دیلمیؓ نے۔

س: تحریک تحفظ ختم نبوت کا سب سے پہلا فاتح جرنیل کون ہے؟

ج: سیف اللہ حضرت خالدؓ بن ولید۔

س: حضرت حبیبؓ بن زید انصاریؓ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے، جن کا ایک ہاتھ یمامہ کے میدان میں مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑتے ہوئے بازو سے کٹ گیا تھا؟

ج: حضرت ام عمارہؓ کا۔

س: کیا کسی نبی کا نام مرکب (ایک سے زیادہ) ہوتا ہے؟ مثال دے کر واضح کریں۔

ج: نہیں، کسی نبی کا نام مرکب (ایک سے زیادہ) نہیں ہوتا بلکہ ہر نبی کا نام مفرد (اکیلا) ہوتا ہے۔ مثلاً آدمؑ، نوحؑ، ہارونؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ لیکن جھوٹے نبی مرزا قادیانی کا نام مرکب ہے، یعنی مرزا غلام احمد قادیانی۔

س: قرآن پاک کی کتنی آیات اور حضور نبی کریم ﷺ کی کتنی احادیث مبارکہ واضح طور پر مسئلہ ختم نبوت پر دلالت کرتی ہیں؟

ج: تقریباً 100 آیات مبارکہ اور 210 احادیث مبارکہ۔

س: ''یوں آنے کو تو سب ہی آئے۔ سب میں آئے۔ سب جگہ آئے (سلام ہو ان پر) بڑی کٹھن گھڑیوں میں آئے۔ لیکن کیا کیجیے کہ ان میں جو بھی آیا، جانے ہی کے

Marfat.com

لیے آیا۔ پر ایک اور صرف ایک جو آیا اور آنے ہی کے لیے آیا، وہی جو اُگنے کے بعد پھر کبھی نہیں ڈوبا، چمکا اور پھر چمکتا ہی چلا جا رہا ہے، بڑھا اور بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے، چڑھا اور چڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ سب جانتے ہیں اور سبھوں کو جاننا ہی چاہیے کہ جنھیں کتاب دی گئی اور جو نبوت کے ساتھ کھڑے کیے گئے، برگزیدوں کے اس پاک گروہ میں اس کا استحقاق صرف اسی کو ہے اور اس کے سوا کس کو ہوسکتا ہے جو پچھلوں میں بھی اس طرح ہے جس طرح پہلوں میں تھا، دُور والے بھی اس کو ٹھیک اسی طرح پا رہے ہیں اور ہمیشہ پاتے رہیں گے جس طرح نزدیک والوں نے پایا تھا، جو آج بھی اسی طرح پہچانا جاتا ہے اور ہمیشہ پہچانا جائے گا۔ جس طرح کل پہچانا گیا تھا کہ اسی کے اور صرف اسی کے دن کے لیے رات نہیں، ایک اسی کا چراغ ہے جس کی روشنی بے داغ ہے۔"

یہ اقتباس کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ مصنف کا نام بھی بتائیں؟

**ج:** کتاب "النبی الخاتم" مصنف سیّد مناظر احسن گیلانی"۔

**س:** انجیل برناباس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضور نبی کریم ﷺ کے بارے میں کیا پیش گوئی دی؟

**ج:** "میرے بعد وہ ہستی تشریف لائے گی جو تمام نبیوں اور نفوس قدسیہ کے لیے آب و تاب ہے اور پہلے انبیاء نے جو باتیں کی ہیں، ان پر روشنی ڈالے گی کیونکہ وہ اللہ کا رسول ہے...... میں تو اس لائق بھی نہیں کہ اللہ کے اس رسول ﷺ کی جوتیوں کے تسمے جھک کر کھولوں۔ (سبحان اللہ) اس کی تخلیق مجھ سے پہلے ہوئی اور تشریف میرے بعد لائے گا۔ وہ سچائی کے الفاظ لائے گا اور اس کے دین کی کوئی انتہا نہ ہوگی۔"

**س:** حضور نبی کریم ﷺ کے آداب کے بارے میں قرآن مجید کی کوئی ایک آیت بیان کریں؟

**ج:** ارشاد ہوتا ہے۔ "یاایها الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجهروا له بالقول کجهر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم

Marfat.com

لاتشعرون."(ترجمہ) اے ایمان والو، اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز سے اونچا نہ ہونے دو، اور نہ ان سے اونچی آواز میں بات کرو جیسا کہ تم آپس میں بات کرتے وقت کرتے ہو، ایسا نہ ہو کہ تمھارے اب تک کے اعمال اس طرح ضائع ہو جائیں کہ تمھیں احساس تک نہ ہو۔ (الحجرات:2)

**س:** یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

و احسن منک لم ترقط عینی
و اجمل منک لم تلد النساء
خلقت مبرأً من کل عیبٍ
کانک قد خلقت کما تشاء

ترجمہ: "آپ ﷺ سے بڑھ کر حسین آدمی آج تک میری آنکھ نے نہیں دیکھا، اور عورتوں نے آپ ﷺ سے بڑھ کر کسی خوبصورت بچے کو جنم ہی نہیں دیا، آپ ﷺ تمام عیبوں اور برائیوں سے اس طرح پاک صاف پیدا کیے گئے ہیں، کہ ایسا لگتا ہے کہ آپ ﷺ اس طرح پیدا ہوئے ہیں جس طرح آپ ﷺ خود چاہتے تھے۔"

**ج:** شاعرِ دربارِ رسالت حضرت حسان بن ثابتؓ کے۔

**س:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس مقام پر دفن ہوں گے؟

**ج:** حضور اکرم ﷺ کے روضہ اطہر میں دفن ہوں گے۔ یعنی چوتھی قبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہوگی۔

**س:** دجال کن دو شہروں میں داخل نہ ہو سکے گا؟

**ج:** مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں، کیونکہ وہاں فرشتوں کا پہرہ ہوگا۔

**س:** حضرت امام مہدیؓ کا نام کیا ہوگا؟

**ج:** حضرت امام مہدیؓ کا نام حضور اکرم ﷺ کے نام پر یعنی محمد ہوگا۔

**س:** حضرت امام مہدیؓ کے والد محترم اور والدہ محترمہ کا کیا نام ہوگا؟

**ج:** حضور نبی کریم ﷺ کے والدین کے نام پر حضرت مہدیؓ کے والد محترم کا نام

Marfat.com

عبداللہ اور والدہ محترمہ کا نام آمنہ ہوگا۔

**س:** قادیانی، قرآن اور قادیان کا کیا تعلق بتاتے ہیں؟

**ج:** قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو قادیان کے قریب نازل کیا ہے، (نعوذ باللہ) مرزا قادیانی کا کہنا ہے کہ اس پر وحی نازل ہوئی ہے۔ انا انزلناہ قریباً من القادیان یعنی اے مرزا۔ ہم نے قرآن مجید کو قادیان کے قریب نازل کیا۔ (تذکرہ مجموعہ وحی والہامات ص 59 طبع چہارم از مرزا قادیانی)

**س:** قادیانیوں کا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

**ج:** قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مکہ اور مدینہ سے روحانیت، فیوضات اور برکات حاصل کرنے کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے، اب جو شخص بھی روحانیت اور برکات حاصل کرنا چاہتا ہے، وہ قادیان کا رخ کرے۔

**س:** قادیانی عقیدہ کے مطابق جو مسلمان مرزا قادیانی کو نبی نہ مانے، وہ کون ہے؟

**ج:** قادیانیوں کے نزدیک ایسا مسلمان سور، حرام زادہ اور کنجری کا بیٹا ہے۔

**س:** قادیانیوں کے عقیدہ کے مطابق کن کن شہروں کا نام قرآن پاک میں آیا ہے؟

**ج:** مکہ، مدینہ اور قادیان (نعوذ باللہ)

**س:** قادیانی بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے سب سے ضروری شرط کیا ہے؟

**ج:** قادیانی بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہاں دفن ہونے والا اپنی کل منقولہ و غیر منقولہ آمدن کا دسواں حصہ قادیانی جماعت کو دے، لیکن مرزا قادیانی اور اس کی آنے والی تمام اولاد کے لیے کوئی شرط نہیں۔

**س:** قادیان کہاں واقع ہے؟

**ج:** قادیان، بھارت کے صوبے مشرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور کی تحصیل بٹالہ کا ایک گاؤں ہے۔

**س:** مرزا قادیانی کیسے پیدا ہوا؟

**ج:** مرزا قادیانی کہتا ہے کہ میں جڑواں پیدا ہوا، میرے ساتھ میری ایک بہن پیدا ہوئی، پہلے وہ نکلی، پھر میں نکلا اور میرا سر اس کے پاؤں میں پھنسا ہوا تھا۔ (تریاق

Marfat.com

القلوب ص 351 مندرجہ روحانی خزائن ج 15 ص 479 از مرزا قادیانی)

**س:** مرزا قادیانی کی تاریخ پیدائش (سن پیدائش) کیا ہے؟

**ج:** مرزا قادیانی 1839ء یا 1840ء میں موضع قادیان ضلع گورداسپور بھارت میں پیدا ہوا تھا، یہ مرزا قادیانی کی اپنی تحریروں کے مطابق ہے، لیکن بعد میں اس کے خاندان کے افراد میں اس کی تاریخ پیدائش کے بارے میں اختلاف پیدا ہو گیا، اس کے بیٹے مرزا بشیر احمد ایم اے جو اس کا سوانح نگار اور سیرت المہدی کا مصنف ہے کہ پہلے نظریے کے مطابق سال ولادت 1836ء یا 1837ء اور نظر ثانی کے بعد اس نے تاریخ ولادت 13 فروری 1835ء مقرر کی۔ (سیرۃ المہدی، ج 3، ص 72) ایک تخمینے کے مطابق سال 1831ء ہو سکتا ہے (حوالہ ایضاً) معراج دین نے تاریخ ولادت 7 فروری 1832ء مقرر کی ہے، جبکہ دیگر 1833ء یا 1834ء کو سال ولادت قرار دیتے ہیں۔ مرزائی کتب کے حوالہ جات سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی کی تاریخ پیدائش دریافت کرنا آسان نہیں، یہ ایک گورکھ دھندہ معلوم ہوتا ہے۔

**س:** مرزا قادیانی کو اس کے باپ نے اپنی پنشن لینے بھیجا لیکن مرزا قادیانی پنشن کی رقم لے کر گھر سے بھاگ گیا، بتائیے وہ رقم کتنی تھی؟

**ج:** سات سو روپیہ۔ اس دور میں ایک آنہ کا 16 کلو گوشت ملتا تھا۔ آج کل گوشت 300 روپے کلو ہے۔ اس طرح یہ رقم لاکھوں روپے بنتی ہے۔

**س:** مرزا قادیانی کو دن میں کتنی دفعہ پیشاب آتا تھا؟

**ج:** 100 مرتبہ۔ (اربعین ص 4)

**س:** مرزا قادیانی کے گھر والوں کو اس کی آمد کا دور سے ہی پتہ چل جاتا تھا، کیسے؟

**ج:** کیونکہ مرزا قادیانی سارے گھر کی چابیاں اکٹھی کر کے ازار بند کے ساتھ باندھ لیتا تھا اور جب وہ چلتا تھا تو چابیوں کے آپس میں ٹکرانے سے چھن چھن کا میوزک پیدا ہوتا تھا اور یہ میوزک بتاتا تھا کہ مرزا قادیانی آ رہا ہے۔

Marfat.com

س: مرزا قادیانی اپنا جوتا کیسے پہنتا تھا؟

ج: دایاں پاؤں، بائیں جوتے میں اور بایاں پاؤں، دائیں جوتے میں۔ (سیرت المہدی جلد اول ص 67 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

س: مرزا قادیانی قمیض کے بٹن کیسے لگاتا تھا؟

ج: اوپر والا بٹن نیچے والے کاج میں اور نیچے والا بٹن اوپر والے کاج میں۔ (سیرت المہدی جلد دوم ص 58، 126 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

س: مرزا قادیانی کا گڑ اور مٹی کے ڈھیلوں سے متعلقہ واقعہ بیان کیجئے؟

ج: مرزا قادیانی کو پیشاب بہت آتا تھا، اس لیے ایک جیب میں مٹی کے ڈھیلے رکھا کرتا تھا۔ اس کے علاوہ اسے میٹھا کھانے کا بھی بہت شوق تھا، اس لیے دوسری جیب میں گڑ کے ڈھیلے رکھا کرتا تھا۔ وہ اکثر گڑ کے ڈھیلوں کے ساتھ استنجا کر لیتا تھا اور مٹی کے ڈھیلے منہ میں ڈال لیتا تھا۔

س: مرزا قادیانی کے سب سے تیز رفتار فرشتے کا نام بیان بتائیے؟

ج: ٹیچی ٹیچی۔ (حقیقت الوحی ص 332 مندرجہ روحانی خزائن جلد 22 ص 346 از مرزا قادیانی)

س: وہ کون سی بیماری تھی جو مرزا قادیانی کو اکثر ڈانس کراتی رہتی تھی؟

ج: خارش۔ (سیرت المہدی ج 3 ص 53 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

س: اس عورت کا نام بتایئے جو رات کو مرزا قادیانی کی ٹانگیں دبایا کرتی تھی؟

ج: بھانو۔ (سیرت المہدی ج سوم ص 210 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

س: مرزا قادیانی کی موت کس بیماری سے ہوئی؟

ج: ہیضہ سے۔

س: مرزا قادیانی کی عبرتناک موت پر کہا گیا، اردو زبان کا کوئی مشہور شعر بتائیں؟

ج: اگر مرزا ہوتا خدا کا نبی
تو ٹٹی میں گر کر نہ مرتا کبھی

س: مرزا قادیانی کی کوئی انگریزی وحی بتایئے؟

ج: **I Love You**

Marfat.com

**I am with you**

**I shall help you**

**س:** مرزا قادیانی نے کل کتنے حج کیے اور کب؟

**ج:** مرزا قادیانی نے صاحب حیثیت ہونے کے باوجود اپنی پوری زندگی میں کوئی حج یا عمرہ نہیں کیا۔ چونکہ وہ گستاخ رسول اور دجال تھا، اس لیے مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں داخل نہ ہوسکا۔

**س:** مرزا قادیانی کتنی زکوٰۃ دیتا تھا؟

**ج:** مرزا قادیانی نے بہت زیادہ مالدار ہونے کے باوجود ساری زندگی کبھی زکوٰۃ ادا نہیں کی۔ وہ زکوٰۃ کیوں دیتا، اس نے تو دولت کے حصول کے لیے انگریز کے ہاتھوں اپنا ایمان بیچ دیا تھا۔

**س:** مرزا قادیانی نے ایک مسلمان لڑکی محمدی بیگم کے بارے میں دعویٰ کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر اس سے میرا نکاح کر دیا ہے۔ عنقریب شادی ہوگی، لیکن یہ شادی نہ ہو سکی۔ بتایئے مرزا قادیانی کی آسمانی منکوحہ کی شادی کس مسلمان نوجوان سے ہوئی؟

**ج:** سلطان محمد سے۔

**س:** مرزا قادیانی ساری زندگی جھوٹ بولتا رہا، اس کے کوئی دو تین جھوٹ بیان کریں؟

**ج:** مرزا قادیانی نے کہا:

(1) ''ہم مکہ میں مریں گے یا مدینہ میں''(تذکرہ ص 584 طبع چہارم از مرزا قادیانی) لیکن وہ 26 مئی 1908ء کو برانڈرتھ روڈ لاہور پر واقع احمدیہ بلڈنگ کی لیٹرین میں عبرتناک موت مرا۔

(2) مرزا قادیانی نے اپنی کتاب ایام الصلح کے ص 147 پر حلفاً لکھا کہ میرا کوئی استاد نہیں۔ حالانکہ اس کا خود اعتراف موجود ہے کہ اس نے فضل الٰہی، فضل احمد اور گل علی شاہ نامی استادوں سے تعلیم حاصل کی۔ (کتاب البریہ روحانی خزائن ج 13 ص 180، 181 از مرزا قادیانی)

10227 4

Marfat.com

(3) مرزا قادیانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی کی ہے کہ دو عورتیں تیرے نکاح میں آئیں گی۔ ''ایک کنواری ہو گی اور دوسری بیوہ۔'' (تریاق القلوب مندرجہ روحانی خزائن ج 15 ص 201) لیکن مرزا قادیانی کا تادم مرگ کسی بیوہ سے نکاح نہیں ہوا۔ لہٰذا اس نے جھوٹ بولا۔

**س:** مرزا قادیانی کے اس بیٹے کا نام بتایئے جو اپنے باپ کی جھوٹی نبوت پر ایمان نہ لایا؟

**ج:** مرزا فضل احمد۔

**س:** ہندوستان کی کس روحانی شخصیت نے مرزا قادیانی کو یہ چیلنج دیا؟

''دو مردے لائے جائیں، ایک کو تم زندہ کرو، ایک کو میں زندہ کروں، جو مردہ کو زندہ کرنے میں کامیاب ہو جائے وہ سچا اور جو ناکام رہے وہ جھوٹا۔''

**ج:** حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ نے۔

**س:** یہ الفاظ کس مجاہد ختم نبوت کے ہیں؟

''جو شخص حضور نبی اکرم ﷺ کی عزت کی حفاظت نہیں کرسکتا، وہ اپنی ماں اور بہن کی عزت کی بھی حفاظت نہیں کرسکتا۔''

**ج:** حضرت صاحبزادہ فیض الحسن شاہؒ کے۔

**س:** یہ الفاظ سن کر آپ کے ذہن میں کس شخصیت کی تصویر ابھرتی ہے؟

''ہم سے تو گلی کا کتا بھی اچھا ہے۔ ہم اس سے بھی گئے گزرے ہیں۔ وہ اپنی گلی و محلے کا حقِ نمک خوب ادا کرتا ہے جبکہ ہم حق غلامی و امتی ادا نہیں کرتے۔ اگر ہم ناموس پیغمبر ﷺ کا تحفظ کریں گے تو قیامت کے دن حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت کے مستحق ٹھہریں گے۔ تحفظ نہ کیا یا نہ کر سکے تو ہم مجرم ہوں گے اور ایک کتے سے بھی بدتر کہلوائیں گے۔''

**ج:** حضرت مولانا سیّد انور شاہ کشمیریؒ کی۔

**س:** یہ الفاظ کس عظیم مجاہد ختم نبوت کے ہیں؟

''مسلمانو! توہین رسالت ﷺ کرنے والی زبان نہ رہے یا پھر سننے والے کان نہ رہیں۔''

**ج:** سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے۔

Marfat.com

**س:** تحریک ختم نبوت 1953ء میں حصہ لینے کی پاداش میں ایک نوجوان عالم دین کو سزائے موت سنائی گئی۔ پھر جب یہ خبر اس نوجوان کے والد تک پہنچی تو اس نے کہا: "ایک بیٹا تو کیا اگر میرے ہزار بیٹے بھی ہوتے تو میں تحفظ ختم نبوت پہ نچھاور کر دیتا" یہ عظیم باپ کون تھا؟

**ج:** حضرت علامہ ابوالحسنات مولانا محمد احمد قادریؒ۔

**س:** اس بے باک مجاہد ختم نبوت کا نام بتائیں جسے مرزا قادیانی کی قبر پر پیشاب کرنے کی سعادت حاصل ہوئی؟

**ج:** مجاہد ختم نبوت جناب جانباز مرزاؒ کو۔

**س:** تحریک ختم نبوت 1953ء میں صرف لاہور شہر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

**ج:** تقریباً دس ہزار۔

**س:** مولانا لال حسین اختر کس خواب کو دیکھ کر قادیانیت سے تائب ہوئے۔ انھوں نے مرزا قادیانی کو کس حال میں دیکھا؟

**ج:** مولانا لال حسین اختر نے مرزا قادیانی کو خنزیر کی شکل میں دیکھا جو جہنم میں جل رہا تھا۔ اس پر وہ قادیانیت سے تائب ہو کر مسلمان ہو گئے۔

**س:** یہ قول کس مجاہد ختم نبوت کا ہے؟

"قادیان، مرزائیت کی جائے پیدائش، ربوہ، اعصابی مرکز، تل ابیب تربیتی کیمپ، لندن پناہ گاہ، ماسکو، استاد اور واشنگٹن، اس کا بینک ہے۔"

**ج:** مجاہد ختم نبوت آغا شورش کاشمیریؒ کا۔

**س:** اس بزرگ ہستی کا نام بتایئے جنھوں نے قادیانیت کو خارش زدہ کتے سے بدتر قرار دیا ہے؟

**ج:** جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ نے۔

**س:** ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

**ج:** ملتان سے۔

Marfat.com

**س:** وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا، جس کی بیوی بڑھاپے میں اسے بیماری کی حالت میں چھوڑ کر اپنے آشنا کے ساتھ فرار ہوگئی تھی؟

**ج:** قادیانی جماعت کا پہلا خلیفہ حکیم نورالدین۔

**س:** اس ملعون قادیانی سائنس دان کا نام بتایئے جس نے پاکستان کے بارے میں یہ ہرزہ سرائی کی تھی:

"میں اس لعنتی ملک پر قدم نہیں رکھنا چاہتا جب تک کہ آئین میں کی گئی ترمیم (قادیانی غیر مسلم ہیں) واپس نہ لی جائے۔"

**ج:** ڈاکٹر عبدسلام قادیانی۔

**س:** حضرت مولانا سیّد محمد انور شاہ کاشمیریؒ نے بہاولپور کی عدالت میں کس قادیانی مبلغ سے کہا تھا کہ اگر تمہیں اب بھی مرزا قادیانی کے کفر میں شک ہے تو آ! میرے ہاتھ میں ہاتھ دے، میں بھری عدالت میں کھڑے کھڑے تمہیں مرزا قادیانی جہنم میں جلتا ہوا دکھا سکتا ہوں؟

**ج:** ملعون جلال الدین شمس قادیانی سے۔

**س:** قادیانی وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی نماز جنازہ کیوں نہ پڑھی؟

**ج:** کیونکہ وہ بانی پاکستان محمد علی جناح کو کافر سمجھتا تھا۔

**س:** کس مسلمان حکمران کی شہادت پر قادیانیوں نے مٹھائی تقسیم کی اور خوشی سے بھنگڑا ڈالا؟

**ج:** خادم حرمین شریفین شاہ فیصل شہیدؒ کی شہادت پر۔

**س:** کس انگریز گورنر نے قادیانیوں کو ربوہ میں 1033 ایکڑ، 7 کنال 8 مرلے اراضی ایک آنہ فی مرلہ کے حساب سے دی تھی؟

**ج:** سر فرانس موڈی نے۔

**س:** صدارتی امتناع قادیانیت آرڈیننس کب نافذ ہوا؟

**ج:** 26 اپریل 1984ء کو۔

Marfat.com

**س:** ''ہم ہندوستان کی تقسیم پر رضامند ہوئے تو خوشی سے نہیں بلکہ مجبوری سے اور ہم کوشش کریں گے کہ کسی نہ کسی طرح متحد ہو جائیں۔'' بتائیے یہ مہلک جملہ کس قادیانی سربراہ کے گندے منہ سے وارد ہوا؟

**ج:** مرزا بشیرالدین قادیانی۔

**س:** مسلمان کیوں مطالبہ کرتے ہیں کہ قادیانیوں کو افواج پاکستان سے نکالا جائے؟

**ج:** کیونکہ قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ جہاد حرام ہے اور جو شخص جذبہ جہاد نہیں رکھتا، اس کا افواج پاکستان میں کیا کام؟ وہ کیسے دشمن سے لڑ سکے گا۔

**س:** مسلمان قادیانیوں سے نفرت اور اُن کا بائیکاٹ کیوں کرتے ہیں؟

**ج:** قادیانی مرتد، زندیق، گستاخ رسولؐ اور ختم نبوت کے باغی ہیں۔ قادیانی، آنجہانی مرزا قادیانی کو ''محمد رسول اللہ''، اس کی بدقماش بیوی کو ''ام المومنین''، اس کی عیاش بیٹی کو ''سیدۃ النساء''، اس کے گھٹیا خاندان کو ''اہل بیت''، اس کے گماشتوں کو ''صحابہ کرام''، اس کی نام نہاد وحی و الہامات کو ''قرآن مجید''، اس کی بیہودہ گفتگو کو ''احادیث رسول''، اس کے ناپاک شہر قادیان کو ''مکہ''، ربوہ کو ''مدینہ'' اور اس کے مرگھٹ کو ''جنت البقیع'' قرار دیتے ہیں۔ بلاشبہ یہ سب باتیں ایک ادنیٰ سے ادنیٰ بلکہ فاسق و فاجر مسلمان کے لیے بھی ناقابل برداشت ہیں اور اس کرۂ ارض پر کوئی بے حمیت مسلمان ایسا نہیں جو کسی بدبخت سے ایسی گستاخانہ باتیں سننا گوارا کرے۔ اس لیے قادیانیوں سے نفرت اور بائیکاٹ ہر مسلمان کی دینی غیرت و حمیت کا تقاضا ہے۔

**س:** کیا کسی قادیانی مردے کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جا سکتا ہے؟

**ج:** قادیانی مرتد، زندیق اور گستاخ رسول ہیں، لہٰذا ان کا مسلمانوں اور ان کے قبرستان سے کیا تعلق۔

**س:** بتائیے! قادیانیوں کی مشہور کتاب ''تذکرہ'' سے کیا مراد ہے اور قادیانیوں کے نزدیک اس کا کیا مقام ہے؟

**ج:** مرزا قادیانی کی نام نہاد وحیوں اور الہامات پر مشتمل کتاب کا نام تذکرہ ہے۔

Marfat.com

قادیانیوں کے نزدیک تذکرہ ''قرآن مجید'' کی طرح مقدس اور اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ کیونکہ مرزا قادیانی کا کہنا ہے کہ میں اپنی وحی اور الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جس طرح قرآن مجید پر۔ (حقیقۃ الوحی ص 220 مندرجہ روحانی خزائن ج 22 ص 220 از مرزا قادیانی)

**س:** دنیا کے اس ملک کا نام بتائیں جہاں یہودیت کے علاوہ کسی اور مذہب کی تبلیغ کی قانونی اجازت نہیں، لیکن قادیانی مشن وہاں بھی قائم ہے؟

**ج:** اسرائیل میں۔

**س:** پاکستان کے اس واحد ضلع کا نام بتائیں جہاں قادیانیوں کا داخلہ قانوناً بند ہے؟

**ج:** ژوب...... بلوچستان۔

**س:** کس لعین نے یہ کہا تھا؟

''اگر ظفر اللہ خان کو وزارت خارجہ سے ہٹا دیا گیا تو امریکہ پاکستان کو گندم نہیں دے گا۔''

**ج:** خواجہ ناظم الدین نے۔

**س:** گستاخ رسول ﷺ کعب بن اشرف یہودی کو کس صحابیؓ نے جہنم واصل کیا تھا؟

**ج:** محمد بن مسلمہؓ نے۔

**س:** بدنام زمانہ گستاخ رسول ولید بن مغیرہ کے عیوب بیان کرتے ہوئے قرآن مجید اسے ''زنیم'' یعنی حرام زادہ قرار دیتا ہے؟ یہ کس سورہ کی کونسی آیت ہے؟

**ج:** سورہ القلم کی آیت نمبر 10 تا 13۔

**س:** مرزا قادیانی نے اپنی کس کتاب میں اعتراف کیا ہے کہ وہ انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے؟

**ج:** ''کتاب البریہ مندرجہ روحانی خزائن جلد 13 ص 350''

**س:** مرزا قادیانی ایک چلتا پھرتا ہسپتال تھا۔ کیا آپ اسے لاحق تین بیماریوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

**ج:** (1) ہسٹیریا (2) مراق (3) کثرت بول (پیشاب)

Marfat.com

(4) حافظہ کی کمزوری (5) نامردی (6) دق اور سل
(7) مرگی کے دورے (8) ذیابیطس (9) کثرت اسہال

**س:** مرزا قادیانی ایک خاص قسم کی شراب پیا کرتا تھا۔ کیا آپ اس کا نام جانتے ہیں؟

**ج:** ای پلومر کی ٹانک وائن (Tonic Wine)

**س:** مرزا قادیانی رات کو سوتے وقت کونسا لباس پہنتا تھا؟

**ج:** غرارہ (عورتوں کا لباس)۔

**س:** مرزا قادیانی کی شاعری سے کوئی دو اشعار سنائیں؟

چھپکے چھپکے حرام کروانا آریوں کا اصول بھاری ہے
دس سے کروا چکی ہے زنا لیکن پاک دامن ابھی بے چاری ہے

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار
عشق کا روگ ہے کیا پوچھتے ہو اس کی دوا
ایسے بیمار کا مرنا ہی دوا ہوتا ہے

**س:** بتایئے لاہور ہائی کورٹ کے کس جسٹس نے فیصلہ دیا کہ کوئی مرزائی کسی مسلمان گاؤں کا نمبردار نہیں ہو سکتا؟

**ج:** جناب جسٹس میاں محبوب احمد صاحب سابق چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے۔ (سی ایل سی 1982 ص 357)

**س:** ناموس رسالت ﷺ بل کس نے اور کب قومی اسمبلی میں پیش کیا؟

**ج:** محترمہ آپا نثار فاطمہ صاحبہ مرحومہ رکن قومی اسمبلی نے 1984ء میں تحفظ ناموس رسالت ﷺ کا بل قومی اسمبلی میں پیش کیا۔

**س:** غازی علم الدین شہیدؒ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**ج:** غازی علم الدین شہیدؒ نے گستاخ رسول راجپال کو 16 اپریل 1929ء کو قتل کیا۔ پھر 15 جولائی 1929ء کو انھیں سزائے موت سنائی گئی۔ 31 اکتوبر 1929ء کو انھیں پھانسی دے دی گئی۔ 14 نومبر 1929ء کو ان کی نمازِ جنازہ لاہور میں ادا کی گئی۔

Marfat.com

تقریباً 6 لاکھ مسلمانوں نے ان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

**س:** قادیانیوں کو آئین پاکستان کی کس شق کے تحت غیر مسلم قرار دیا گیا ہے؟

**ج:** آرٹیکل نمبر 260 شق نمبر 3 اور آرٹیکل نمبر 106 کی شق نمبر 2 کے تحت۔

**س:** حکومت پنجاب اور ڈی سی جھنگ نے 20 مارچ 1989ء کو قادیانیوں کے صد سالہ جشن پر پابندی عائد کر دی، قادیانیوں نے لاہور ہائی کورٹ میں اس پابندی کو چیلنج کیا، یہ چیلنج رٹ کس جج کے سامنے پیش کی گئی؟

**ج:** جناب جسٹس خلیل الرحمٰن خان کے سامنے پیش ہوئی۔

**س:** 3 جولائی 1993ء کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایک فل بینچ نے قادیانیوں کی تمام ''اپیلیں'' خارج کرتے ہوئے فیصلہ دیا کہ قادیانیوں کے خلاف بنائے گئے تمام پاکستانی قوانین قانونی و آئینی طور پر درست اور قرآن و سنت کے عین مطابق ہیں اور ہر قادیانی اپنے کفریہ عقائد کی رو سے بدنام زمانہ گستاخ رسول ملعون سلمان رشدی کی طرح ہے۔ یہ تاریخی فیصلہ کرنے والے معزز جج صاحبان کے نام بتائیں؟

**ج:** 1۔ جناب جسٹس عبدالقدیر چوہدری 2- جناب جسٹس محمد افضل لون 3- جناب جسٹس ولی محمد خان 4- جناب جسٹس سلیم اختر۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

''ختم نبوت کی حفاظت میرا اجز و ایمان ہے جو شخص بھی اس ردا کو چوری کرے گا، جی نہیں چوری کا حوصلہ کرے گا، میں اس کے گریبان کی دھجیاں پھاڑ دوں گا۔ میں میاں ﷺ کے سوا کسی کا نہیں نہ اپنا نہ پرایا، میں انہی ﷺ کا ہوں، وہی میرے ہیں، جن کے حسن و جمال کو خود ربِ کعبہ نے قسمیں کھا کھا کر آراستہ کیا ہو، میں ان ﷺ کے حسن و جمال پر نہ مرمٹوں تو لعنت ہے مجھ پر اور لعنت ہے ان پر جو ان ﷺ کا نام تو لیتے ہیں لیکن سارقوں (چوروں) کی خیرہ چشمی کا تماشہ دیکھتے ہیں۔''

**ج:** سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ۔

**س:** اس عظیم صحابی عاشق رسول ﷺ کا نام بتائیے جن سے مسیلمہ کذاب نے اپنی جھوٹی نبوت کا اقرار کروانا چاہا مگر ہر دفعہ ان کے انکار کرنے پر ان کے جسم کا ایک

Marfat.com

ایک حصہ تلوار سے کاٹتا رہا، حتیٰ کہ آپ شہید ہو گئے؟

**ج:** حضرت حبیبؓ بن ام عمارہؓ۔

**س:** حضرت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ نے سچے نبی کی چار نشانیاں بیان کی تھیں، کیا آپ وہ نشانیاں دہرا سکتے ہیں؟

**ج:** (1) سچا نبی کسی کا شاگرد نہیں ہوتا۔

(2) سچا نبی چالیس سال کی عمر کے بعد اچانک اعلان نبوت کرتا ہے۔

(3) سچے نبی کا نام مفرد ہوتا ہے۔

(4) سچا نبی کوئی ترکہ یا وراثت نہیں چھوڑتا۔

(5) سچا نبی جہاں فوت ہو، وہیں دفن ہوتا ہے۔

**س:** قادیانیوں نے مسلمانوں کے بالمقابل اپنا سال بھی ترتیب دیا۔ کیا آپ قادیانی سال کے مہینوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

**ج:** 1- صلح 2- تبلیغ 3- امان 4- شہادت 5- ہجرت 6- احسان 7- وفا 8- ظہور 9- تبوک 10- اخاء 11- نبوت 12- فتح

**س:** شناختی کارڈ میں مذہب کے خانہ میں مذہب کا اندراج کیوں ضروری ہے؟

**ج:** کئی سال بیشتر حکومت نے شناختی کارڈوں کی جگہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ جاری کرنے کا پروگرام بنایا۔ دینی جماعتوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس نئے کارڈ پر بلڈ گروپ اور مذہب کا خانہ بھی ہونا چاہیے تاکہ معلوم ہو سکے کہ کون کس مذہب سے تعلق رکھتا ہے؟ مذہب کا اظہار فخر کی علامت ہے۔ اگر مذہب کا اظہار شرمندگی کا باعث بنتا ہے تو اس پر لعنت بھیج کر اسے چھوڑ دینا چاہیے۔ یہودیوں کو اپنے یہودی ہونے پر فخر ہے، عیسائیوں کو اپنے عیسائی ہونے پر فخر ہے، مسلمانوں کو اپنے مسلمان ہونے پر فخر ہے اور ہر مسلمان لاکھوں کے مجمع میں ڈنکے کی چوٹ پر اپنے مذہب کا اظہار کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے، خواہ اس کے لیے اسے کوئی بھی قربانی کیوں نہ دینا پڑے۔ تعزیرات پاکستان کے رو سے قادیانی خود کو مسلمان نہیں

Marfat.com

کہہ سکتے اور نہ اپنا مذہب اسلام کے طور پر پیش کر سکتے ہیں۔ لیکن ڈھٹائی کی حد دیکھئے کہ قادیانی خود کو غیر مسلم اقلیت تسلیم نہیں کرتے بلکہ وہ مسلمانوں کو غیر مسلم کہتے ہیں اور خود کو مسلمان کہتے ہیں، اس لیے قانون کی رو سے قابل تعزیر ہیں۔ حکومت نے دینی جماعتوں کے اس مطالبہ کو تسلیم کرلیا، جس پر پورے ملک میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ قادیانیوں نے اس مطالبہ کی منظوری کو اپنی موت سمجھا، لہٰذا انہوں نے عیسائی اقلیت کو ورغلایا اور پورے ملک میں احتجاجی تحریک شروع کردی۔ پاکستان میں امریکی سفیر بھی حسب سابق ان کی حمایت میں کھل کر میدان میں آگئے، جس کے نتیجے میں حکومت نے شناختی کارڈ میں مذہب کا خانہ ختم کردیا۔ اس کامیابی پر عیسائی اور قادیانی اقلیت نے خوب جشن منایا حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ قادیانیوں نے عیسائی اقلیت کو استعمال کرکے پاکستان اور بیرون ملک اپنے مذہب کی تبلیغ کی راہ ہموار کی۔ عیسائی اقلیت سے تعلق رکھنے والوں کے لیے یہ بات لمحہ فکریہ ہے!

**س:** مرزا قادیانی نے مقام ''لد'' سے کونسا شہر مراد لیا ہے؟

**ج:** لدھیانہ۔

**س:** جملہ مکمل کریں؟ تین چیزوں سے ہمیشہ بچیں۔

**ج:** شیطان۔ شیزان۔ قادیان۔

**س:** شیزان کی مصنوعات کا بائیکاٹ کیوں ضروری ہے؟

**ج:** شیزان گستاخان رسول ﷺ مرزائیوں کی مشروب ساز فیکٹری اور ان کا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ اس کی آمدنی کا ایک کثیر حصہ دارالکفر ربوہ جاتا ہے۔ مسلمان اپنی کم علمی کی بنا پر اس کے مشروبات اور دیگر مصنوعات خرید کر کم از کم 30 پیسے فی روپیہ ربوہ فنڈ میں جمع کرواتے ہیں اور اس طرح اپنے آقا و مولا حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ، دین اسلام اور وطن عزیز پاکستان کی مخالفت کے بھیانک جرم میں شریک ہو جاتے ہیں۔ شیزان اور دیگر قادیانی مصنوعات ساز ادارے اپنے منافع میں

Marfat.com

سے ایک مخصوص رقم قادیانی جماعت کو دیتے ہیں اور وہ رقم ہمارے پیارے آقا و مولا حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ختم نبوت اور دین اسلام کے خلاف خرچ کی جاتی ہے۔ لہٰذا جو شخص جان بوجھ کر قادیانی مصنوعات خریدتا ہے، وہ قادیانیوں کا معاون و مددگار ہے۔ حالانکہ شیزان کی تمام اشیاء حرام اور لحم الخنزیر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ معروف سابق قادیانی مرزا محمد حسین نے ہولناک انکشاف کرتے ہوئے کہا تھا کہ شیزان کمپنی کے مالک شاہنواز قادیانی کی خصوصی ہدایت پر اس کی تمام مصنوعات میں ربوہ کے نام نہاد بہشتی مقبرہ کی ناپاک مٹی بطور تبرک استعمال ہوتی ہے۔ لہٰذا شیزان کی تمام تر مصنوعات اور اس کے دیگر اداروں شیزان ریسٹورنٹ اور شیزان بیکرز کا مکمل بائیکاٹ ہر غیور مسلمان عاشق رسول ﷺ کا دینی و ملی فرض ہے۔ علاوہ ازیں اگر آپ کی نظر میں کوئی دوسری قادیانی کمپنی یا آپ کے شہر میں کوئی دکان ہے تو اس کا بھی بائیکاٹ کیجئے۔ یہ آپ کی دینی غیرت وحمیت کا اوّلین تقاضا ہے۔

**س:** انگریزوں نے مرزا قادیانی کو نبی کیوں بنایا؟

**ج:** مسلمانوں میں جذبہ جہاد ختم کرنے کے لیے، قرآن و سنت کی تعلیمات کو مسخ کرنے کے لیے اور ملت اسلامیہ کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لیے انگریزوں نے مرزا قادیانی کو نبی بنایا۔

**س:** مسلمانوں اور قادیانیوں کے کلمہ میں بنیادی فرق کیا ہے؟

**ج:** قادیانی عقیدہ کے مطابق مرزا قادیانی ''محمد رسول اللہ'' ہے۔ لہٰذا قادیانی، کلمہ طیبہ میں محمد سے مراد مرزا قادیانی کو لیتے ہیں۔ جیسا کہ مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر احمد ایم اے لکھتا ہے:

''پس مسیح موعود خود محمد ﷺ رسول اللہ ہے جو اشاعت اسلام کے لیے دوبارہ دنیا میں تشریف لائے، اس لیے ہم کو کسی نئے کلمہ کی ضرورت نہیں، ہاں اگر محمد ﷺ رسول اللہ کی جگہ کوئی اور آتا تو ضرورت پیش آتی۔''

(کلمۃ الفصل صفحہ 158 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

Marfat.com

**س:** مرزا بشیر الدین محمود نے اپنی ایک بیٹی سے منہ کالا کیا۔اس کا نام بتائیں؟

**ج:** امتہ الرشید (بحوالہ شہر سدوم از شفیق مرزا)

**س:** عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

**ج:** وہ دس صحابی جنھیں رسول اللہ ﷺ نے دنیا میں ہی جنت کی بشارت دی۔ان کے نام یہ ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیق ؓ۔حضرت عمر فاروق ؓ۔حضرت عثمان غنی ؓ۔حضرت علی المرتضیٰ ؓ۔

حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف۔ حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ۔ حضرت زبیرؓ بن العوام۔

حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح۔ حضرت سعیدؓ بن زید۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

**س:** اسلام میں سب سے پہلے جناب نبی کریم ﷺ کی حفاظت کے لیے تلوار کس نے لہرائی؟

**ج:** حضرت زبیر بن عوامؓ نے مکہ میں۔

**س:** غزوہ بدر میں کل کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

**ج:** 14 مسلمان شہید ہوئے۔(8 انصار اور 6 مہاجرین)

**س:** دنیا کی قدیم ترین مسجد کون سی ہے؟

**ج:** خانہ کعبہ (بیت اللہ شریف)

**س:** وہ جنگیں جن میں حضور نبی کریم ﷺ نے بہ نفس نفیس حصہ لیا ہو، غزوات کہلاتی ہیں۔ان جنگوں کی تعداد بتائیں؟

**ج:** (27) ستائیس۔

**س:** الہامی کتاب انجیل میں آنحضرت ﷺ کا اسم مبارک کیا ہے؟

**ج:** طاب طاب۔

مقتول کے ورثاء کو جب یہ خبر پہنچی تو وہ حضور رسالت مآب ﷺ کے پاس پہنچے اور حضرت عمرؓ کے خلاف قتل کا دعویٰ کر دیا۔سورۂ نساء کی آیت مبارکہ نازل ہوئی جس میں حضرت عمرؓ کے فیصلہ کو درست کہا گیا۔ اس پر حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ کو "فاروق" کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔

**س:** گستاخ رسول کعب بن اشرف یہودی کو کس صحابیؓ نے واصل جہنم کیا تھا؟

**ج:** محمد بن مسلمہؓ نے۔

**س:** یہ جذبات کس شاعر کے ہیں؟

ناموس محمد عربی ﷺ پر ہم جان نچھاور کر دیں گے
گر وقت نے ہم سے خون مانگا، ہم وقت کا دامن بھر دیں گے

**ج:** جانباز مرزا مرحوم کے۔

**س:** مرزا قادیانی کی آوارہ، فحش اور پراگندہ شاعری کے کوئی سے دو شعر بیان کریں؟

**ج:** مرزا قادیانی کہتا ہے۔

چپکے چپکے حرام کروانا
آریوں کا اصول بھاری ہے
بہانہ اولاد کے حصول کا ہے
ساری شہوت کی بے قراری ہے
بیٹا بیٹا پکارتی ہے غلط
یار کی اس کو آہ و زاری ہے
دس سے کروا چکی ہے زنا لیکن
پاک دامن ابھی بے چاری ہے

(آریہ دھرم مصنفہ مرزا قادیانی ص 27، 28 مندرجہ روحانی خزائن ج 10 ص 75، 76 از مرزا قادیانی)

Marfat.com

**س:** ردِ قادیانیت کے سلسلہ میں حضرت پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتب کے نام تحریر فرمائیں؟

**ج:** (1) شمس الہدایۃ۔ (2) سیف چشتیائی۔

**س:** حضور نبی کریم ﷺ سے محبت کرنا تقاضائے ایمان ہے، حضور ﷺ سے لامحدود اور غیر مشروط محبت کرنا ایمان کی بنیادی شرط ہے۔ کیا آپ عربی میں وہ حدیث بتا سکتے ہیں جس میں یہ تقاضا بیان ہوا ہے؟

**ج:** جی ہاں! سرکار ذی وقار ﷺ کا ارشاد ہے: لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ. (ترجمہ) تم میں کوئی شخص اس وقت تک ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے ماں، باپ، اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ مجھ (حضور نبی کریم ﷺ) سے محبت نہ کرے۔ (بخاری شریف)

**س:** اے رسولِ امین، خاتم المرسلین، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں۔
ہے عقیدہ یہ اپنا بصدق ویقین، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں۔
بتائیے، یہ نعتیہ شعر کس مشہور شخصیت کا ہے؟

**ج:** حضرت مولانا سید انور حسین نفیس الحسنی شاہ کا۔

**س:** قرآن مجید کے پہلے حافظ کون تھے؟

**ج:** حضور نبی کریم ﷺ۔

**س:** اسلامی دنیا کا وہ کونسا ملک ہے جس کا پرچم کبھی سرنگوں نہیں ہوتا؟

**ج:** سعودی عرب کیونکہ اس کے پرچم پر کلمہ طیبہ لکھا ہوا ہے۔

**س:** حضور خاتم النبیین ﷺ نے کس صحابی رسول کو اپنا حواری قرار دیا تھا؟

**ج:** حضرت زبیرؓ کو۔ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے۔

**س:** اس صحابی رسول کا نام بتائیں جن کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے؟

**ج:** ختم نبوت کے فاتح جرنیل حضرت خالد بن ولیدؓ سیف اللہ

Marfat.com

س: اس صحابی رسول ﷺ کا نام بتائیں۔ جنہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کی غلامی کو اپنے ماں باپ کے پاس جانے کو ترجیح دی؟

ج: حضرت زید بن حارثہؓ

س: نائیجریا افریقہ میں قادیانیوں کی بڑی عبادت گاہ "احمدیہ سنٹرل ماسک" پر کونسا قادیانی کلمہ لکھا ہوا ہے؟

ج: **لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ۔** اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، احمد (مرزا غلام احمد قادیانی) اللہ کے رسول ہیں۔ (نعوذ باللہ)

(قادیانی خلیفہ مرزا ناصر کے دورہ افریقہ پر تصویری کتاب AFRICA SPEAKS)

س: جھوٹے مدعی نبوت آنجہانی مرزا قادیانی نے کون کون سے دعوے کیے؟

ج: مرزا قادیانی نے تقریباً 200 کے قریب مضحکہ خیز اور کفریہ دعوے کیے۔ جن میں مندرجہ ذیل دعوے شامل ہیں۔ مرزا قادیانی نے کہا: میں کرشن ہوں، میں سورما ہوں۔ میں امین الملک جے سنگھ بہادر ہوں۔ میں آریوں کا بادشاہ ہوں۔ میں کرشن جی رودر گوپال ہوں۔ میں محدث ہوں۔ میں آدم ہوں۔ میں مریم ہوں۔ میں معجون مرکب ہوں۔ میں حجر اسود ہوں۔ میں بیت اللہ ہوں۔ میں میکائیل ہوں۔ میں تمام انبیاء کا مجموعہ ہوں۔ میں رحمۃ اللعالمین ہوں۔ میں محمد رسول اللہ ہوں، میں مالک کن فیکون ہوں۔ میں نطفہ خدا ہوں۔ میں خدا کی بیوی ہوں۔ میں خود خدا ہوں۔ (نعوذ باللہ)

س: قادیانیوں کے کفریہ عقائد میں سے کوئی سے تین عقائد بیان کریں؟

ج: 1- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی خود محمد رسول اللہ ہے۔ اب ان کے مطابق کلمہ طیبہ میں رسول اللہ سے مراد مرزا قادیانی ہے۔ (العیاذ باللہ)

(کلمۃ الفصل ص 158 از مرزا بشیر احمد قادیانی ابن مرزا قادیانی)

2- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ ہر شخص ترقی کرسکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پاسکتا ہے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ ﷺ سے بھی بڑھ سکتا ہے۔"

(مرزا بشیر الدین محمود کی ڈائری، اخبار الفضل قادیان نمبر 5، جلد 10، 17 جولائی 1922ء)

Marfat.com

3- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید کی بے شمار آیات مرزا قادیانی پر دوبارہ نازل ہوئیں۔ (تذکرہ مجموعہ وحی والہامات طبع چہارم از مرزا قادیانی)

4- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی تمام انبیاء کرام کا مجموعہ ہے۔
(حقیقت الوحی ص 73 روحانی خزائن ج 22 ص 76)

5- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیتے تھے۔ تین دادیاں اور نانیاں کنجریاں، زنا کار اور کسی عورتیں تھیں۔ آپ کا کوئی معجزہ نہ تھا۔ (نعوذ باللہ)
(انجام آتھم از مرزا قادیانی)

6- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید قادیان کے قریب نازل ہوا۔
(تذکرہ مجموعہ وحی والہامات ص 59 طبع چہارم از مرزا قادیانی)

7- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید مرزا قادیانی پر دوبارہ نازل ہوا۔
(کلمۃ الفصل 173 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

8- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ ربوہ و قادیان، مکہ مدینہ سے افضل ہیں۔
(حقیقۃ الرویاء ص 46 از مرزا بشیر الدین)

9- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ تمام مسلمان جو مرزا قادیانی کو نبی نہیں مانتے، کنجریوں کی اولاد ہیں۔ (آئینہ کمالات اسلام ص 547 از مرزا قادیانی)

**س:** بتائیے یہ اشعار کس مجاہد ختم نبوت شاعر کے ہیں؟

سچے نبیوں کا اقرار ضروری ہے
جھوٹے نبیوں کا انکار ضروری ہے
ختم نبوت کی نگری میں چور گھسے
نگری والے ہوں بیدار ضروری ہے

**ج:** سید امین گیلانی کے۔

**س:** کیا کوئی انسان اپنی محنت و کوشش، ریاضت و مجاہدات سے نبی بن سکتا ہے؟

**ج:** نبوت کسبی نہیں ہے۔ کوئی انسان اپنی محنت و کوشش، ریاضت و مجاہدات سے نبی نہیں بن سکتا۔ بعض فقہاء نے نبوت کو کسبی کہنے والوں کو کافر کہا ہے۔ نبوت ہر لحاظ

Marfat.com

سے وہبی ہے۔ یعنی یہ محض اللہ تعالیٰ کی عطا ہے اور خالصتاً اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہے۔

**س:** جھوٹے مدعی نبوت آنجہانی مرزا قادیانی کے بعد اس کے کئی چیلوں نے نبوت کا دعویٰ کیا۔ ان میں سے چند ایک کے نام بتائیں؟

**ج:** یار محمد قادیانی، احمد نور کابلی، عبد الطیف گناچوری، الٰہی بخش ملتانی، چراغ دین جمونی، عبداللہ تیماپوری

**س:** ایک قادیانی خلیفہ نے اپنی برائیوں کا اقبال جرم کرتے ہوئے کہا تھا۔

کیا بتاؤں کس قدر کمزوریوں میں ہوں پھنسا
سب جہاں بیزار ہو جائے جو ہوں میں بے نقاب

بتایئے یہ شعر کس قادیانی خلیفہ کا ہے؟

**ج:** مرزا بشیر الدین محمود ابن مرزا قادیانی کا۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

''قادیانیت کا وجود عالم اسلام کے لیے سرطان کی حیثیت رکھتا ہے اور حکومت پاکستان مختلف اقدامات کے ذریعے اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ اس سرطان کا خاتمہ کیا جائے۔ جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کے لیے یہ بات قابل فخر ہے کہ انھوں نے آنجہانی مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کا پردہ چاک کیا اور دنیا کو اس کے فریب سے آگاہ کیا۔ ختم نبوت کا عقیدہ نہ صرف ملت اسلامیہ کے ایمان کا بنیادی نکتہ ہے بلکہ پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کے دین اور رحمت کی تکمیل کا عالمی پیغام ہے۔''

**ج:** صدر جنرل محمد ضیاء الحق۔

**س:** آنجہانی مرزا قادیانی نے اپنی کتاب تریاق القلوب کے ص156,155 پر لکھا ہے کہ میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں کہ اگر وہ اکٹھی کی جائیں تو اس سے کئی المایاں بھر سکتی ہیں۔ بتایئے اس نے کتنی الماریوں کا ذکر کیا؟

**ج:** 50 الماریوں کا۔ حالانکہ مرزا قادیانی نے 83 کے قریب کتابیں لکھیں۔ اس سے تو آدھی الماری نہیں بھر سکتی۔

Marfat.com

**س:** مرزا قادیانی نے کہا تھا کہ اسلام کے دو حصے ہیں، بتایئے کون کونسے؟

**ج:** مرزا قادیانی نے کہا کہ اسلام کے دو حصے ہیں۔ ایک اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور دوسرا حکومت برطانیہ کی اطاعت

(شہادت القرآن ص 84 مندرجہ روحانی خزائن ج 6 ص 380 از مرزا قادیانی)

**س:** ظلی اور بروزی نبوت سے کیا مراد ہے؟

**ج:** ظلی اور بروزی نبوت کا اسلام میں کوئی تصور نہیں۔ یہ قادیانی اصطلاحات ہیں جو ہندو نظریات و عقائد سے لی گئی ہیں۔ ایسی اصطلاحات، اسلام کی توہین کے مترادف ہیں۔

**س:** کیا نبی شاعر ہوتا ہے؟

**ج:** سچا نبی شاعر نہیں ہوتا۔ آنجہانی مرزا قادیانی باقاعدہ شاعری کی ٹانگ توڑا کرتا تھا۔ یہ بات نبوت کے منافی ہے۔

**س:** ڈاکٹر نے کس قادیانی خلیفہ کی عبرتناک حالت دیکھ کر کہا تھا: "میں بیماری کا علاج تو کر سکتا ہوں لیکن خدائی پکڑ کا علاج نہیں کر سکتا؟"

**ج:** خلیفہ زانی مرزا بشیر الدین محمود۔

**س:** اسرائیل کی فوج میں کتنے قادیانی ہیں؟

**ج:** 600 قادیانی اسرائیل کی فوج میں شامل ہیں۔

**س:** شہیدان ناموس رسالت ﷺ میں چند ایک کے نام بتائیں؟

**ج:** غازی عبد اللہ، غازی عبد القیوم شہید، غازی مرید حسین، غازی عامر عبد الرحمن چیمہ، غازی عبد اللہ، غازی عبد الرشید، غازی میاں محمد شہید، غازی حاجی محمد مانک، غازی منظور حسین۔

**س:** مباہلہ کسے کہتے ہیں؟

**ج:** اگر کسی امر کے حق و باطل میں فریقین کے درمیان نزاع ہو جائے تو اسے حل کرنے کا صحیح طریقہ عقل و استدلال ہے اور اگر باطل محض اپنی ہٹ دھرمی سے اپنی بات پر

Marfat.com

اڑا رہے تو پھر یہ طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ جو فریق اس امر میں باطل پر ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وبال، لعنت اور ہلاکت پڑے۔ سو جو شخص جھوٹا ہوگا، وہ اس کا خمیازہ بھگتے گا۔ اس طریقہ پر دعا کرنے کو "مباہلہ" کہتے ہیں۔ اگر اس دعا میں اپنے عزیز و اقارب کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس سے اہتمام بڑھ جاتا ہے۔

**س:** ابو جہل کا اصل نام کیا تھا؟

**ج:** اس کا اصل نام عمرو بن ہشام جبکہ لقب ابو الحکم (عقل کا باپ) تھا۔ مگر حضور نبی کریم ﷺ نے اسے "ابو جہل" کا لقب دیا کیونکہ وہ حق دیکھ کر بھی جہالت کا شکار رہا۔

**س:** آپ ﷺ نے مشہور منافق عبداللہ بن ابی کو کونسا لقب دیا؟

**ج:** رئیس المنافقین کا۔

**س:** تحفظ ختم نبوت اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر شائع ہونے والے رسائل کے نام بتائیں؟

**ج:** ہفت روزہ ختم نبوت کراچی، ماہنامہ لولاک ملتان، ماہنامہ نقیب ختم نبوت ملتان، ماہنامہ العاقب لاہور، ماہنامہ لانبی بعدی لاہور، ماہنامہ انوار ختم نبوت لاہور، ماہنامہ صدائے ختم نبوت چناب نگر جھنگ، ماہنامہ ندائے ختم نبوت کوٹلی آزاد کشمیر، ماہنامہ الخاتم لاہور۔

**س:** زندیق کسے کہتے ہیں؟ کیا قادیانی زندیق ہیں؟

**ج:** جو کافر اپنے کفر کو اسلام کہہ کر پیش کرے، اُسے زندیق کہتے ہیں۔ یہودی، عیسائی، سکھ اور ہندو وغیرہ اپنے کفر کو کفر کے طور پر پیش کرتے ہیں لیکن قادیانی اپنے کفر کو اسلام کہہ کر پیش کرتے ہیں۔ لہٰذا اس بات میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ قادیانی زندیق ہیں کیونکہ یہ لوگ بظاہر مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لیے قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ صحابہ کرامؓ، کلمہ، نماز، روزہ سے ظاہری وابستگی ظاہر کرتے نظر آتے ہیں۔

Marfat.com

**س:** قادیانیت چھوڑ کر اسلام قبول کرنے والے چند خوش نصیبوں کے نام بتائیں جو اب تحفظ ختم نبوت کے لیے بھرپور کام کر رہے ہیں؟

**ج:** جناب شفیق مرزا، جناب عبدالکریم شیخ، جناب طاہر بشیر صاحب، جناب مظفر احمد مظفر، جناب منور احمد ملک، جناب سید منیر احمد۔

**س:** انٹرنیٹ پر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر ویب سائٹس کے نام بتائیں؟

**ج:**

**www.endofprophethood.com**

**www.khatmenubuwwat.org**

**www.khatm-e-nubuwwat.com.pk**

**www.alhafeez.org/rashid**

**www.ahmedi.org**

**www.itdunya**

**www.ahlehaq.com**

**س:** حضور نبی کریم ﷺ تمام اہل عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں قرآن مجید کی مشہور آیت بتائیں؟

**ج:** وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ. (انبیاء:107)

ترجمہ: "ہم نے آپ (ﷺ) کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔"

**س:** حضور نبی کریم ﷺ یہ ارشاد گرامی اپنے کس صحابی رسول کے بارے میں ہے؟

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ. (صحیح مسلم)

"تم میرے لیے ایسے ہو جیسے ہارونؑ، موسیٰؑ کے لیے تھے البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

**ج:** حضرت علیؓ کے بارے میں۔

Marfat.com

س: جنگ یمامہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: جنگ یمامہ تحفظ ختم نبوت کی پہلی جنگ ہے جو جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے خلاف یمامہ کے میدان میں لڑی گئی۔ حضور نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے آخری دنوں میں مسیلمہ کذاب نامی ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ بہت سارے غیر مسلم اس کے پیروکار بن گئے۔ آقائے نامدار ﷺ کی رحلت کے بعد حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے جھوٹے مدعیانِ نبوت کے خلاف جہاد کے لیے جید صحابۂ کرامؓ پر مشتمل ایک لشکر بھیجا۔ یہ تحفظِ ختم نبوت اور اس کے منکرین کے مرتد اور واجب القتل ہونے پر صحابہ کرامؓ و تابعین کا پہلا اجماع تھا۔ مسیلمہ کذاب اور اس کی جماعت کے خلاف وہی معاملہ کیا گیا جو کفار کے ساتھ کیا جاتا ہے حالانکہ مسیلمہ کذاب (قادیانیوں کی طرح) نماز، روزہ پر ایمان رکھتا تھا۔ وہ آپ ﷺ کی نبوت پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ اپنی نبوت کا بھی مدعی تھا۔ یہاں تک کہ اس کی اذان میں برابر ”اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰه“ پکارا جاتا تھا اور وہ خود بھی اس کی تصدیق کرتا تھا۔ اس کے باوجود صحابہ کرامؓ نے بغیر مطالبہ معجزات، متفقہ طور پر مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد کا اعلان کیا کیونکہ اس نے حضور خاتم النبیین ﷺ کے بعد نبوت کا اعلان کیا تھا جو صحابۂ کرامؓ کے لیے قطعی طور پر ناقابل برداشت تھا۔ صحابۂ کرامؓ میں سے کسی ایک نے بھی مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد سے انکار نہ کیا اور نہ کسی نے یہ کہا کہ یہ لوگ اہل قبلہ ہیں، نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں، قرآن پڑھتے ہیں، حج اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، ان کو کیسے کافر سمجھ لیا جائے (جیسا کہ آج کل ہمارے ہاں قادیانیوں کے بارے میں بہت سے خود ساختہ روشن خیال اور ترقی پسند سوچتے ہیں)۔ بلکہ صحابۂ کرامؓ نے بہ اجماع مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کو دعویٰ نبوت کی وجہ سے کافر، مرتد اور واجب القتل سمجھا۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے دس ہزار صحابۂ کرامؓ پر مشتمل ایک عظیم الشان لشکر حضرت خالدؓ بن ولید کی قیادت میں مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کے خلاف جہاد کے لیے یمامہ روانہ فرمایا۔ اس لشکر میں بعض بدری

Marfat.com

صحابۂ کرامؓ بھی شریک ہوئے حالانکہ وہ بہت ضعیف ہو چکے تھے مگر تحفظِ ختم نبوت کی خاطر وہ اس عظیم جہاد میں شریک ہوئے۔ مسیلمہ کذاب کے خلاف اس جہاد میں تقریباً بارہ سو صحابۂ کرام شہید ہوئے جن میں تقریباً 7 سو کے قریب حفاظِ قرآن تھے۔ مسیلمہ کذاب کے لشکر کی تعداد چالیس ہزار مسلح جنگجوؤں پر مشتمل تھی۔ ان میں سے 28 ہزار کے قریب ہلاک ہوئے۔ مسیلمہ کذاب کو حضرت وحشیؓ نے اپنے نیزے سے واصلِ جہنم کیا۔ مسیلمہ کی فوج کے باقی لوگوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔

**س:** جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ. اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًاo (بنی اسرائیل:81) حق آ گیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل تھا ہی مٹنے والا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے یہ آیت ایک خاص موقع پر بار بار پڑھی، بتایئے کب؟

**ج:** فتح مکہ کے موقع پر۔

**س:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت کی جو بشارت دی تھی، اس کا ذکر قرآن مجید کی کس سورۃ میں ہے؟

**ج:** سورۃ الصف کی آیت نمبر 6۔

**محمد رسول الله والذين معه اشداء على الكفار رحماء بينهم.**

**س:** حضور نبی کریم ﷺ کو قرآن مجید میں کتنی مرتبہ "یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ" سے مخاطب کیا گیا ہے؟

**ج:** گیارہ مرتبہ۔

**س:** حضور نبی کریم ﷺ کے ناموں میں سے ایک نام احمد ہے، بتایئے یہ نام قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

**ج:** ایک مرتبہ۔

**س:** بتایئے یہ نعتیہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

رسول مجتبےٰ کہیے، محمد مصطفیٰ کہیے
خدا کے بعد وہ ہیں، پھر اس کے بعد کیا کہیے

**ج:** ماہر القادریؒ۔

Marfat.com

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

”میں یہ بات علی وجہ البصیرت کہتا ہوں کہ حدیث کی خدمت بھی اللہ کی دین ہے۔ قرآن کی خدمت بھی بہت اہم خدمت ہے۔ تفسیر کی خدمت بھی بہت بڑی سعادت ہے۔ فقہ کی خدمت بھی بہت بڑی نعمت ہے۔ تبلیغ کرنا بھی بہت اچھا کام ہے لیکن تحفظ ختم نبوت، سرکار دو عالم ﷺ کی ذات کا تحفظ ہے۔ باقی چیزیں اقوال کا تحفظ ہیں، اعمال کا تحفظ ہیں، افعال کا تحفظ ہیں۔ آپ ﷺ کی سیرت کا تحفظ ہیں۔ لیکن ذات کا تحفظ ان سب سے اولی اور افضل ہے۔ جس شخص نے بھی عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے ایک گھنٹہ بھی کام کر لیا، اسے حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت ضرور نصیب ہوگی۔“

**ج:** مولانا سید محمد انور شاہ کاشمیریؒ

**س:** ”وہ کونسی شخصیت ہے جس کے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ پاکستان جا کر اعلان کرو کہ جس شخص نے بھی میری ختم نبوت کے تحفظ کے لیے دامے، درمے، قدمے سخنے حتیٰ کہ کسی بھی طریقے سے تھوڑا یا زیادہ کام کیا، اللہ تعالیٰ نے سب کی بخشش و مغفرت فرمادی ہے۔“

**ج:** مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

”اگر لانبی بعدی کا مفہوم سلامت نہیں تو ایمان کے جز کا کروڑواں حصہ بھی نہیں بچے گا۔ جڑ کو گھن لگے تو شاخ اور پتیاں سلامت نہیں رہتیں۔ عقیدے کو درخت سمجھو۔ جب تک جڑ مضبوط نہ ہو، درخت بار آور نہیں ہو سکتا۔ اب وہ ماں مرگئی ہے جو نبی جنا کرتی تھی۔ مشاطہ ازل نے آنحضرت ﷺ کی زلفوں میں وہ کنگھی ہی توڑ ڈالی جو زلف نبوت سنوارا کرتی تھی۔ اب زمانے کے یہ کنڈل یونہی رہیں گے لیکن کسی کنگھی کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ آیئے ہمارے ساتھ تعاون کیجئے، ایک دن ہماری بات پورے مسلمانوں کی آواز بن جائے گی، جسے حکومت کو بھی سننا

Marfat.com

پڑے گا۔ ہمیں اپنے خدا پر پورا یقین اور بھروسہ ہے کہ ہم بھی حالات بدل کر دکھا دیں گے۔ ایک وقت آئے گا کہ جو کچھ آج ہماری زبان پر ہے، پورے مسلمانوں کے دل کی آواز اور دھڑکن ہوگا۔ بس میری مانو! حضور نبی کریم ﷺ کے دیوانے بن جاؤ۔ اس معاملے میں عقل کو جواب دے دو کہ یہ عقل کا نہیں، عشق کا معاملہ ہے۔ صحابۂ کرامؓ بھی صحیح معنوں میں دیوانگان محمد ﷺ تھے۔ تبھی پوری دنیا پر چھا گئے۔"

ج: سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ۔

س: یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

"تصویر کا ایک رخ تو یہ ہے کہ مرزا قادیانی میں یہ کمزوریاں اور عیوب تھے، اس کے نقوش میں توازن نہ تھا۔ قد و قامت میں تناسب نہ تھا، اخلاق کا جنازہ تھا، کردار کی موت تھا۔ جھوٹ اس کا شیوہ تھا۔ معاملات کا درست نہ تھا۔ بات کا پکا نہ تھا۔ بزدل اور کمزور تھا۔ مسلک کا ٹوڈی تھا۔ تقریر و تحریر ایسی ہے کہ پڑھ کر متلی ہونے لگتی ہے لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر اس میں کوئی کمزوری نہ بھی ہوتی۔ وہ مجسمہ حسن و جمال ہوتا، قویٰ میں تناسب ہوتا، چھاتی 45 انچ ہوتی، کمر ایسی کہ سی آئی کو بھی پتہ نہ چلتا، بہادر بھی ہوتا، مرد میدان ہوتا، کردار کا آفتاب ہوتا، خاندان کا مہتاب ہوتا، شاعری میں فردوسی وقت ہوتا، ابوالفضل اور فیضی اس کا پانی بھرتے، خیام اس کی چاکری کرتا، غالب اس کا وظیفہ خوار ہوتا، انگریزی کا شیکسپئر ہوتا اور اردو کا ابوالکلام ہوتا، پھر نبوت کا دعویٰ کرتا تو کیا ہم اسے نبی مان لیتے؟؟؟ میں تو کہتا ہوں کہ خواجہ غریب نواز اجمیریؒ، شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ، امام ابوحنیفہؒ، امام بخاریؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، ابن تیمیہ، امام غزالیؒ یا حسن بصریؒ بھی نبوت کا دعویٰ کرتے تو کیا ہم انھیں نبی مان لیتے؟ اگر علیؓ دعویٰ کرتے کہ جسے تلوار حق نے اور بیٹی نبی ﷺ نے دی، سیدنا ابوبکر صدیقؓ، عمر فاروق اعظمؓ اور سیدنا عثمان غنیؓ بھی دعویٰ کرتے تو کیا بخاری انھیں نبی مان لیتا؟ ہرگز نہیں، حضور ﷺ کے بعد کائنات میں کوئی انسان ایسا نہیں جو تخت نبوت پر سج سکے اور تاج امامت و رسالت

Marfat.com

جس کے سر پر ناز کر سکے، وہ ایک ہی ہے جس کے دم قدم سے کائنات میں نبوت سرفراز ہوئی۔"

**ج:** سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ۔

**س:** حضور نبی کریم ﷺ نے کس صحابیؓ سے کہا تھا کہ "میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں؟"

**ج:** حضور نبی کریم ﷺ نے یہ جملہ خوش ہو کر حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو کہا تھا جو آپ ﷺ کا تحفظ کرتے ہوئے کفار پر تیر برسا رہے تھے۔ ایک اور موقع پر آپ ﷺ نے یہ جملہ حضرت زبیرؓ سے بھی کہا تھا جو کفار سے جنگ کے دنوں میں دشمنوں کے حالات و عزائم کے بارے میں خفیہ معلومات حاصل کر کے آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے تھے۔

**س:** سب سے پہلے اسیر ختم نبوت کا نام بتائیں؟

**ج:** صحابی رسولؐ حضرت عبداللہ بن وہب الاسلمیؓ۔

**س:** جھوٹے مدعی نبوت اسود عنسی نے ایک بزرگ تابعی کو اپنی جھوٹی نبوت کا اقرار نہ کرنے پر آگ میں پھینک دیا تھا۔ مگر وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح آگ میں محفوظ رہے۔ اس بزرگ تابعی کا نام بتائیں؟

**ج:** حضرت عبداللہ بن ثوب ابو مسلم خولانیؒ۔

**س:** عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے موجودہ امیر کا نام بتائیں؟

**ج:** حضرت مولانا خواجہ خان محمد دامت برکاتہم خانقاہ سراجیہ۔ کندیاں شریف میانوالی۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

"آپ کو معلوم ہے کہ قادیانی، مرزائی اندر ہی اندر مسلمانوں کو مرتد بنانے میں معروف ہیں، میں آپ حضرات سے اللہ کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ مہینہ میں صرف ایک ہی مرتبہ سہی، اپنے خطبہ میں صرف دس، پندرہ منٹ تحفظ عقیدۂ ختم نبوت اور قادیانی، مرزائی کا مکروہ چہرہ کے متعلق نوجوانوں کو آگاہ فرما دیا کریں، تاکہ

Marfat.com

ہم حضور ﷺ کے اس حق کو ادا کرنے میں خدا کے ہاں اجر کے مستحق بن سکیں۔"

**ج:** حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ العالی۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

"مجھے اپنی زندگی پر فخر ہے کہ جب تحریک ختم نبوت کے مقدمہ کے بعد میری رہائی ہوئی تو پریس والوں نے میری عمر پوچھی۔ اس پر میں نے کہا تھا۔ "میری عمر وہ دن اور راتیں ہیں جو میں نے ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کی خاطر پھانسی کی کوٹھڑی میں گزاری ہیں کیونکہ یہی میری زندگی ہے اور باقی شرمندگی۔ مجھے اپنی اس جیل والی زندگی پر ناز ہے۔"

**ج:** مجاہد ملت حضرت مولانا عبدالستار خان نیازیؒ

**س:** مولانا سید خلیل احمد قادریؒ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**ج:** حضرت مولانا سید خلیل احمد قادریؒ بڑے زاہد و عابد اور مجاہد ختم نبوت تھے۔ آپ حضرت مولانا ابوالحسنات شاہ قادریؒ کے صاحبزادے تھے۔ 1953 کی تحریک ختم نبوت میں آپ نے مسجد وزیر خاں لاہور میں تحریک کو سرگرم رکھنے کے لیے دن رات ایک کیا ہوا تھا۔ اس جرم کی پاداش میں آپ کو فوجی عدالت سے پھانسی کی سزا سنائی گئی۔ بعد ازاں مسلمانون کے بھرپور احتجاج اور دباؤ پر آپ کی سزائے موت ختم کر دی گئی۔

**س:** یہ اقتباس کس مشہور شخصیت کی تقریر کا ہے؟

"میں کسی سے رحم کی اپیل نہیں کروں گا اور اپنا معاملہ اپنے خدا کے حوالے کرتا ہوں۔ زندگی اور موت کے فیصلے زمین پر نہیں، آسمان پر ہوتے ہیں۔ اگر وہاں میری موت کا فیصلہ ہو چکا ہے تو دنیا کی کوئی طاقت مجھے موت سے نہیں بچا سکتی اور اگر وہاں سے میری موت کا فیصلہ نہیں ہوا تو دنیا کی کوئی طاقت میرا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی۔"

**ج:** مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ۔

**س:** 29 مئی 1974ء کو ربوہ کے ریلوے اسٹیشن پر قادیانیوں کے کفریہ لٹریچر تقسیم کرنے پر

Marfat.com

مسلمان طلباء نے ختم نبوت زندہ باد، مرزائیت مردہ باد کے نعرے لگائے۔ جس پر قادیانیوں نے مسلمان طلباء پر وحشیانہ تشدد کیا۔ یہ طلبہ نشتر میڈیکل کالج ملتان سے تعلق رکھتے تھے۔ کیا آپ ان طلبہ میں موجود طلبہ یونین کے صدر کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج: ڈاکٹر ارباب عالم خان۔

س: شعر مکمل کریں۔

لکھتا ہوں خون دل سے یہ الفاظ احمریں

ج: بعد از رسول ﷺ ہاشمی کوئی نبی نہیں

س: 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا کوئی ایمان پرور واقعہ بتائیں؟

ج: 1- ''تحریک ختم نبوت 1953ء میں ایک عورت اپنے بیٹے کی شادی کی برات لے کر دہلی دروازہ کی جانب آ رہی تھی۔ سامنے سے تڑتڑ کی آواز آئی۔ معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ آقائے نامدار ﷺ کی عزت و ناموس کے لیے لوگ سینہ تانے گریبان کھول کر گولیاں کھا رہے ہیں تو اس عورت نے برات کو معذرت کر کے رخصت کر دیا۔ پھر اپنے بیٹے کو بلا کر کہا کہ بیٹا آج کے دن کے لیے میں نے تمہیں جنا تھا۔ جاؤ اپنے پیارے آقا ﷺ کی عزت پر قربان ہو کر دودھ بخشوا جاؤ، میں تمہاری شادی اس دنیا میں نہیں بلکہ آخرت میں کروں گی اور تمہاری برات میں آقائے نامدار ﷺ کو مدعو کروں گی۔ جاؤ پروانہ وار شہید ہو جاؤ تاکہ میں فخر کر سکوں کہ میں بھی شہید کی ماں ہوں۔ بیٹا ایسا سعادت مند تھا کہ تحریک میں ماں کے حکم پر آقائے نامدار ﷺ کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے شہید ہو گیا۔ جب لاش لائی گئی تو گولی کا کوئی نشان پشت پر نہ تھا۔ سب گولیاں سینہ پر کھائیں۔''

-2 چودھری نذیر احمد صاحب بھائی پھیرو میں کریانہ کا کاروبار کرتے ہیں۔ 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا واقعہ انہی کی زبانی سنیے اور اپنے ایمان کو تر و تازہ کیجیے، فرماتے ہیں:

''میری شادی کے چند ماہ بعد تحریک ختم نبوت 1953ء شروع ہوئی۔ میں تحریک

Marfat.com

میں بھرپور حصہ لینے کے لیے ننکانہ صاحب سے لاہور، مسجد وزیر خاں چلا گیا۔ یہاں روزانہ جلسہ ہوتا اور جلوس نکلتے۔ ایک دن جنرل سرفراز، جو غالباً اس وقت لاہور کا کور کمانڈر تھا، کے کہنے پر مسجد کی بجلی اور پانی کا کنکشن کاٹ دیا گیا۔ اس پر مسجد میں ایک احتجاجی جلسہ ہوا، پھر جلوس نکلا۔ میں اس جلوس میں شامل تھا۔ فوج نے ہمیں گرفتار کر لیا۔ چند احباب کے ہمراہ سرسری سماعت کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ میرا نمبر آخر میں تھا۔ میری باری پر قادیانی میجر جنرل حیاء الدین صاحب نے کہا کہ معافی مانگ لو کہ آئندہ تحریک میں حصہ نہیں لو گے تو ابھی بری کر دوں گا۔ میں نے مسکراتے ہوئے میجر کو کہا کہ آپ کی بات سمجھ میں نہیں آ رہی کہ حضور نبی کریم ﷺ کی عزت و ناموس کا مسئلہ ہو اور ایک امتی کی شفاعت کا ذریعہ ہو اور پھر وہ معافی مانگ لے؟ میجر نے کہا کہ سامنے لان میں چلے جاؤ۔ آدھا گھنٹہ اچھی طرح سوچ لو۔ میں لان میں بیٹھ گیا۔ پھر پیش کیا گیا تو میجر جنرل نے کہا کہ معافی مانگ لو۔ میں نے مسکراتے ہوئے میجر کو جواب دیا کہ شاید آپ کو اس مسئلہ کی اہمیت کا علم نہیں، آپ کی بات میری سمجھ میں نہیں آ رہی کہ اس مسئلہ میں معافی کیا ہوتی ہے؟ اس پر میجر حیاء الدین نے غصہ کی حالت میں میرے منہ پر ایک زناٹے دار تھپڑ رسید کیا اور آٹھ ماہ قید بامشقت اور 500 روپے جرمانہ کا حکم دیا، جسے میں نے بخوشی قبول کر لیا۔ میرے نامۂ اعمال میں میری بخشش کے لیے یہی ایک نیکی کافی ہے۔"

-3 عالمی مجلسِ تحفظ ختم نبوت واہ کینٹ کے حضرت مولانا عبدالقیوم مدظلہ نے اپنے علاقہ کا ایک ایمان پرور واقعہ سنایا کہ تحریک ختم نبوت 1974ء میں واہ کینٹ میں ایک جلوس نکلا۔ پولیس نے جلوس کے کئی شرکاء کو گرفتار کر لیا۔ ان میں ایک سات سالہ بچہ بھی تھا۔ مقامی ڈی، ایس، پی نے اس بچے کو مرغا بنا کر پوچھا: "بتاؤ تمہاری پیٹھ پر کتنے جوتے ماروں۔" بچے نے بڑی ایمانی جرأت اور معصومیت سے جواب دیا: "اتنے جوتے مارنا جتنے تم قیامت کے دن کھا سکتے ہو۔" اتنا سننا تھا کہ ڈی، ایس، پی

Marfat.com

مارے خوف کے پسینہ پسینہ ہو گیا اور اس بچے کو سینہ سے لگایا، پیار کیا، گھر لے گیا، کھانا کھلایا، رقم دی، پاؤں پکڑ کر معافی مانگی اور فوراً گھر چھوڑ نے گیا۔

**س:** قادیانیوں کی لاہوری جماعت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**ج:** جھوٹا مدعی نبوت آنجہانی مرزا قادیانی 1908ء میں جہنم واصل ہوا۔ اس کے بعد حکیم نورالدین گدھی نشین ہوا۔ حکیم نورالدین 1914ء میں جہنم واصل ہوا تو دوسرا جانشین بننے پر قادیانی جماعت میں اختلاف ہو گیا۔ مرزا قادیانی کی دوسری بیوی نصرت بائی چاہتی تھی کہ اس کا بیٹا مرزا بشیر الدین محمود جانشین بنے جبکہ مرزا قادیانی کے دیرینہ ساتھی مولوی محمد علی کی خواہش تھی کہ وہ جانشین بنے۔ چنانچہ اس پر زبردست جھگڑا ہوا اور مرزا بشیر الدین محمود طاقت کے بل بوتے پر قادیانی جماعت کا دوسرا خلیفہ بن گیا جبکہ مولوی محمد علی قادیانی اپنے چند ساتھیوں کے ہمراہ قادیان سے لاہور آ گیا اور یہاں اپنی علیحدہ ''لاہوری جماعت'' بنالی اور کہا ہم مرزا قادیانی کو نبی یا رسول نہیں مانتے بلکہ مجدد مانتے ہیں۔ حالانکہ مولوی محمد علی قادیانی 1914ء تک مرزا قادیانی کو نبی اور رسول مانتا رہا اور اس کے تمام کفریہ عقائد کا پر جوش پرچارک رہا۔ آئین پاکستان کی رُو سے دونوں جماعتیں قادیانی جماعت اور لاہوری جماعت غیر مسلم ہیں جو شعائر اسلامی استعمال نہیں کر سکتیں۔ امیر شریعت سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ سے کسی نے پوچھا تھا کہ شاہ جی، قادیانی جماعت اور لاہوری جماعت میں کیا فرق ہے؟ تو شاہ جیؒ نے فرمایا تھا کہ سور، سور ہی ہوتا ہے خواہ سفید رنگ کا ہو یا کالے رنگ کا۔

**س:** دجال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**ج:** قرب قیامت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان سے زمین پر نزول سے پہلے فتنہ دجال کا ظہور ہوگا۔ دجال شام و عراق کے درمیان نکلے گا۔ اس کی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا۔ وہ بائیں آنکھ سے کانا ہوگا۔ وہ تمام دنیا میں جائے گا مگر مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ اس کے ساتھ ظاہری طور پر جنت و دوزخ

Marfat.com

ہوگی مگر حقیقت میں اس کی جنت، دوزخ اور دوزخ، جنت ہوگی۔ وہ ایک گدھے پر سوار ہوگا جس کے دونوں کانوں کا درمیانی فاصلہ چالیس ہاتھ ہوگا۔ اس کے ساتھ شیاطین ہوں گے جو لوگوں سے کلام کریں گے اور خلاف عقل واقعات رونما ہوں گے۔ اُس کے ساتھ 70 ہزار یہودی ہوں گے۔ دجال جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے گا تو اس طرح پگھلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال اور اس کے ساتھیوں سے جہاد کریں گے۔ اس وقت تمام یہودیوں کو شکست ہوگی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے۔ دجال کا قتل ارض فلسطین میں باب لد کے پاس واقع ہوگا۔ اس کے بعد تمام دنیا مسلمان ہوجائے گی۔ اس وقت اسلام کے سوا تمام مذاہب مٹ جائیں گے اور جہاد موقوف ہو جائے گا کیونکہ دنیا میں کوئی کافر باقی نہ رہے گا۔ دجال کی کئی نشانیاں جھوٹے مدعی نبوت آنجہانی مرزا قادیانی میں بھی پائی جاتی تھیں۔

Marfat.com

# قادیانی کلمہ کی حقیقت





یہ تصویر نائیجیریا (افریقہ) میں قادیانیوں کی بڑی عبادت گاہ "احمدیہ سنٹرل ماسک" کی ہے، جو قادیانی جماعت کے تیسرے خلیفہ مرزا ناصر احمد کے دورۂ افریقہ پر تصویری کتاب "AFRICA SPEAKS" سے لی گئی ہے۔ قادیانیوں کی اس عبادت گاہ پر کلمہ طیبہ لا اله الا اللہ محمد رسول اللہ کی بجائے لا اله الا اللہ احمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے، جس کا ترجمہ ہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، احمد (مرزا غلام احمد قادیانی) اللہ کے رسول ہیں۔"

Marfat.com

# مرزا قادیانی کی تصویر

یہ مرزا قادیانی کی تصویر ہے جس کا دعویٰ ہے کہ وہ نبی اور رسول ہے، تمام انبیاء کا مجموعہ ہے، بلکہ خود محمد رسول اللہ ہے (نعوذ باللہ) اللہ کا نبی اپنے دور میں تمام انسانوں سے زیادہ خوبصورت اور حسین و جمیل ہوتا ہے۔ وہ اپنے حسن کی زکوٰۃ تقسیم کرے تو پوری کائنات صاحب حیثیت ہو جائے۔



آپ خود فیصلہ کریں کہ کیا نبی اس شکل کے ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے خود مبعوث کیا ہو اور اُن کی موت بیت الخلاء میں ہوئی ہو۔ (نعوذ باللہ)۔ ہمیں تو یہ رنجیت سنگھ کی تصویر لگتی ہے۔


Marfat.com

# پاکستان سے غداری

یہ تصویر پاکستان میں قادیانیوں کے مرکز ربوہ ضلع چنیوٹ کے قادیانی قبرستان میں نصرت جہاں بیگم (مرزا قادیانی کی بیوی) اور مرزا بشیر الدین محمود کی بیوی کی قبروں کی ہے جن پر مرزا بشیر الدین محمود کے حسب ذیل فرمودات کا بورڈ آویزاں ہے۔

## ''ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح ثانی''

''جماعت کو نصیحت ہے کہ جب بھی ان کو توفیق ملے، حضرت ام المومنین (مرزا قادیانی کی بیوی) اور دوسرے اہل بیت (مرزا قادیانی کے گھر والے) کی نعشوں کو مقبرہ بہشتی قادیان میں لے کر جا کر دفن کریں، چونکہ مقبرہ بہشتی کا قیام اللہ تعالیٰ کے الہام سے ہوا ہے، اس میں حضرت ام المومنین اور خاندانِ حضرت مسیح موعود کے دفن کرنے کی پیشگوئی ہے، اس لیے یہ بات فرض کے طور پر ہے، جماعت کو اسے کبھی نہیں بھولنا چاہیے۔''



ایک اور موقع پر مرزا بشیر الدین محمود نے کہا تھا:

''ہم ہندوستان کی تقسیم پر رضا مند ہوئے تو خوشی سے نہیں بلکہ مجبوری سے، اور پھر یہ کوشش کریں گے کہ کسی نہ کسی طرح پھر متحد ہو جائیں۔'' (روزنامہ الفضل قادیان 17 مئی 1947ء)

Marfat.com

# ماخذ

- قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ.......... پروفیسر محمد الیاس برنی"
- ختم نبوت کامل.......... مفتی محمد شفیع"
- ردقادیانیت کے زریں اصول.......... حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی"
- قادیانی شبہات کے جوابات.......... مولانا اللہ وسایا
- عقیدہ ختم نبوت.......... ڈاکٹر محمد طاہر القادری
- تحریک ختم نبوت سیدنا ابوبکر صدیقؓ تا علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی".....محمد احمد ترازی
- عقیدہ ختم نبوت اور فتنہ قادیانیت (سوالاً جواباً).......... صادق علی زاہد
- ثبوت حاضر ہیں.......... محمد متین خالد
- تحفظ ختم نبوت، اہمیت اور فضیلت.......... محمد متین خالد
- ربوہ وقادیان، جو ہم نے دیکھا.......... محمد متین خالد
- قادیانیت سے اسلام تک.......... محمد متین خالد

## قادیانی ماخذ

- آنجہانی مرزا قادیانی کی تمام کتابوں کا سیٹ، شیطانی خزائن جلد 1 تا 23
- تذکرہ مجموعہ وحی والہامات.......... مرزا قادیانی
- کلمۃ الفصل.......... مرزا بشیر احمد ایم اے
- سیرت المہدی.......... مرزا بشیر احمد ایم اے

Marfat.com

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنۂ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوعات پر مبنی

نہایت مستند، وقیع، تحقیقی، فکر انگیز اور ایمان پرور

# کتابیں

جنھوں نے بے شمار قادیانیوں کے عقائد وافکار بدل کر رکھ دیے، نوجوان سکالر اور نامور محقق **محمد متین خالد** کے حقائق کشا قلم سے اپنی نوعیت کی منفرد کتابیں جن کا مطالعہ وقت کا مطالبہ ہے

آئیں! خود پڑھیں! دوستوں کو تحفہ میں دیں!! اور فتنۂ قادیانیت کے خلاف قلمی جہاد میں حصہ لے کر امت مسلمہ کے دین و ایمان کے سرمائے کی حفاظت کا سامان کریں!!!

| | |
|---|---|
| تحفظِ ختمِ نبوت اہمیت اور فضیلت | شہیدانِ ناموسِ رسالت ﷺ |
| ثبوت حاضر ہیں! | قادیانیت سے اسلام تک |
| قادیانیت، اُس بازار میں | ربوہ و قادیان، جو ہم نے دیکھا |
| اسلام، انٹرنیٹ پر | علامہ اقبالؒ اور فتنۂ قادیانیت |
| اسلام کا سفیر (قائداعظمؒ) | معلوماتِ ختمِ نبوت (سوالاً ..... جواباً) |
| وحید الدین خان، اسلام دشمن شخصیت | قادیانیت کی عریاں تصویریں |

ہر اچھے بک سٹال پر دستیاب ہیں


Marfat.com

کارکنانِ تحفظِ ختم نبوت کے لیے ایک گرانقدر تحفہ

# تحفظِ ختمِ نبوت اہمیت اور فضیلت

دینی غیرت وحمیّت پر مبنی ایک فکر انگیز دستاویز

محمد متین خالد

ایک ایسی تاریخی وتحقیقی کتاب

- جو جنگ یمامہ سے لے کر آج تک (14 صدیوں پر مشتمل) دینی غیرت وحمیّت اور ایمانی جرأت وبسالت سے لبریز ولولہ انگیز حقائق وواقعات سے مزین ہے۔
- جو ''ختم نبوت زندہ باد'' کا ورد کرنے والے کفن بردوش مجاہدوں کی زندہ وجاوید روداد اور چشم کشا مشاہدات وتجربات پر مبنی ہے۔
- جس میں ''شہیدانِ ناموس رسالت ﷺ'' کے ماہتابی اور آفتابی کرداروں کا روشن تذکرہ ہے۔
- جو قلم کی سیاہی سے نہیں، دلی سوز وگداز اور خونِ جگر سے لکھی گئی ہے۔
- جس کے مطالعہ سے خون رگوں میں جوش مارتا اور قاری تاریخ کے جھروکوں سے ہر واقعہ اپنی پرنم آنکھوں سے براہ راست دیکھتا ہے۔
- جس کا ہر لفظ پاکیزہ، ایمان پرور، پرسوز اور باطل شکن ہے۔
- جس کے مطالعہ سے ہر مسلمان کے روح وقلب میں محبتِ رسول ﷺ کے خوابیدہ جذبات واحساسات اجاگر ہو جاتے ہیں۔
- جس میں ''غداران ختم نبوت'' کا عبرتناک انجام، ہر قادیانی نواز کے لیے عبرت ونصیحت کا سبق لیے ہوئے ہے۔
- جو قادیانی اور قادیانی نوازوں کی آنکھوں کا آشوب اور ان کے حلق میں چبھتا کانٹا ہے۔
- جس کا مطالعہ کارکنان ختم نبوت کے ایمان وایقان کو ایک نئی زندگی بخشتا ہے اور وہ ایک نئے ولولے اور تازہ جذبے کے ساتھ اس محاذ پر برسرِ پیکار رہتے ہیں۔

آنکھوں کے راستے دل میں اتر جانے والی یہ کتاب ہر مسلمان کے لیے ایک گرانقدر تحفہ ہے......
اسے پڑھیے...... سمجھیے...... اور اس کی روشنی کو پھیلائیے...... شفاعتِ محمدی ﷺ آپ کی منتظر ہے!

شیخ المشائخ حضرت خواجہ خان محمد دامت برکاتہم العالیہ (خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف) کی ایمان افروز تقریظ کے ساتھ

| صفحات 512 | ہر اچھے بک سٹال پر دستیاب ہے | قیمت -/250 روپے |
|---|---|---|

Marfat.com

Marfat.com